حقانیتِ اسلام

کیا یہ وہی انجیل ہے جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوئی؟

ایک علمی جائزہ

علامہ عبدالحکیم اختر شاہجہانپوری رحمۃ اللہ علیہ

اختر اکیڈمی لاہور

Marfat.com

Marfat.com

حقانیتِ اسلام

علامہ عبدالحکیم اختر شاہجہانپوری رحمۃ اللہ علیہ

اختر اکیڈمی لاہور

Marfat.com

بسم اللہ والصلوٰۃ والسلام علیٰ رسولہ الکریم

نام ــــــــ حقانیت اسلام

مصنف ــــــــ علامہ عبد الحکیم اختر شاہجہانپوری

سن اشاعت ــــــــ جمادی الاخری ۱۴۱۹ھ/۱۳-اکتوبر ۱۹۹۸ء

ضخامت ــــــــ ۵۶ صفحات

مطبع ــــــــ اشتیاق پرنٹرز لاہور

ناشر ــــــــ اختر اکیڈمی لاہور

قیمت ــــــــ ۱۵- روپے

ملنے کے پتے

مکتبہ نبویہ دربار مارکیٹ گنج بخش روڈ لاہور

مکتبہ قادریہ دربار مارکیٹ گنج بخش روڈ لاہور

مسلم کتابوی دربار مارکیٹ گنج بخش روڈ لاہور

سنی کتب خانہ مرکز الاویس دربار مارکیٹ لاہور

Marfat.com

انتساب

دینِ فطرت، اسلام کے ابدی اور سرمدی
پیغام کے نام،
جو اللہ تعالیٰ کا پسندیدہ ہے، اور ہر نوعِ انسانی،
ہر زمانے کے لئے راہِ عمل، کہ جس کا ہر امر اپنی
سچائی کا روشن آفتاب ہے۔

اختر شاہجہان پوری مظہری عفی عنہ

Marfat.com

۷۸۶

پیش لفظ

زیرِ نظر مقالہ ۱۹۶۵ء کے بعد اب ۱۹۸۸ء میں مرکزی مجلسِ امام اعظم لاہور، رجسٹرڈ کے زیرِ اہتمام ۲۳ سال بعد شائع ہو رہا ہے ۔ ۱۹۶۵ء کی نسبت آج ردِّ عیسائیت کی پہلے سے کہیں زیادہ ضرورت ہے ۔ اس لئے کہ اس مذکورہ مدّت کے دوران ہم جس تیزی سے اخلاقی طور پر زوال پذیر ہوئے ہیں اُسی حساب سے دین سے دُوری، بے راہ روی اور عیسائیت کو فروغ ملا ہے ۔

اِس مقالے میں فاضل مصنف نے بڑے آسان فہم اور سادہ الفاظ میں ہر گُتھی کو سلجھایا ہے کہ ایک معمولی سمجھ بوجھ رکھنے والا آدمی بھی اس سے مستفیض و مستنیر ہو سکتا ہے ۔

حالیہ اعداد و شمار کے مطابق دُنیا کی آبادی ۴۰۰ کروڑ انسانوں پر مشتمل ہے ۔ جن میں مسلمانوں کی تعداد ۱۰۰ کروڑ اور عیسائی ۱۲۰ کروڑ ہیں ۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے نام لیواؤں کی اکثریت اُن ترقی یافتہ ممالک میں آباد ہے جن میں سُپر پاورز بھی شامل ہیں ۔ (مندرجہ ذیل اعداد و شمار محمدؐ انور قریشی صاحب سیکرٹری جنرل انجمن خدامِ اسلام پاکستان ٹاؤن شپ کی تحقیق کے مطابق ہیں اور انہی کی اشاعتوں سے اخذ کئے گئے ہیں ۔)

مغربی عیسائی ممالک

گزشتہ صدی میں عیسائی حکومتیں مسلمانوں کے ساتھ نبرد آزما رہی ہیں اور کئی خون ریز صلیبی جنگیں ہوئی ہیں ۔ مسلمانوں کے نظامِ خلافت و اتحاد اور عظیم سلطنتِ عثمانیہ کو ختم کیا گیا عرب ممالک کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر دیئے گئے ۔ بہ ظاہر اً صلیبی جنگیں ختم ہو گئی مگر حقیقتاً

Marfat.com

صرف نام بدل دیا ہے اور اسرائیلی جنگ انہی عیسائی ممالک کے اقتصادی اور دفاعی الحاق و اشتراک سے جاری ہے۔ پھر ہم عیسائیت کے مظالم اور سازشوں کو کیسے فراموش کرسکتے ہیں۔ عیسائی مبلغ ظاہر میں عیسائی مذہب پھیلاتے ہیں لیکن در پردہ مسلمان حکومتوں کے خلاف سازشوں میں سرگرم عمل رہتے ہیں۔

عیسائی مذہب کی اشاعت

روم کے پوپ کا نظام دنیا میں کئی ترقی یافتہ ملکوں سے بھی اعلیٰ ہے۔ اس کے پاس بے پناہ مالی وسائل اور افرادی قوت موجود ہے، جو ساری دنیا میں مشنری اداروں، اسکولوں اور ہسپتالوں کی شکل میں پھیلی ہوئی ہے۔ اِن مشنری اداروں کی حیثیت ایک چھوٹی ریاست کی طرح ہے۔ جس کے ذیلی ادارے ہیں۔ ہزاروں کی تعداد میں اسٹڈی سرکل، ہاسٹل، بورڈنگ ہاؤس، زرعی فارم، ڈیری فارم، پریس اور کارسپانڈنس سکول وغیرہ قائم ہیں۔

عیسائیت کے اشاعتی اداروں کے اعداد و شمار

۱۔ پاکستان میں ایک سو سات (۱۰۷) مسیحی ادارے، مشنری اور انجمنیں کام کررہی ہیں۔ جن کی باگ ڈور تنتیس (۳۳) غیر ملکی عیسائی تنظیموں نے سنبھالی ہوئی ہے۔

۲۔ پاکستان کو پانچ ڈویژنوں میں تقسیم کیا ہوا ہے:۔

(i) کراچی (ii) حیدر آباد (iii) لاہور (iv) فیصل آباد (v) راولپنڈی

۳۔ پاکستان میں ایک سو دو (۱۰۲) چرچ اور مشن ہیڈ کوارٹر ہیں۔

۴۔ پچاسی (۸۵) پرائمری سکول، ننانوے (99) ہائی اسکول اور کالج ہیں۔

۵۔ تیرہ ٹریننگ کالج و اسکول ہیں۔ آٹھ (۸) دیگر تعلیمی ادارے اور سنٹر ہیں۔

۶۔ لڑکوں کے لئے تنتیس (۳۳) یتیم خانے اور ہوسٹل ہیں اور لڑکیوں کے لئے بتیس (۳۲) یتیم خانے اور ہوسٹل ہیں۔

Marfat.com

۷۔ گیارہ[۱۱] مراکز تعلیم بالغاں، سترہ[۱۷] شفاخانے، ڈسپنسری اور ہسپتال ہیں۔

۸۔ رفاہی کاموں کے لئے مسیحی سماجی ادارے ہیں۔

۹۔ تیس[۳۰] مسیحی اخبارات و رسائل شائع ہوتے ہیں۔

۱۰۔ پنجاب ریلیجس بک سوسائٹی لاہور کی طرح اٹھارہ[۱۸] مسیحی مکتبے و ناشرین ہیں۔

۱۱۔ پینتیس[۳۵] دار المطالعہ ہیں۔

۱۲۔ پندرہ[۱۵] بائبل خط و کتابت اسکول ہیں۔

۱۳۔ ۱۹۴۷ء سے ۱۹۷۳ء تک چھبیس[۲۶] سال میں ایک سو چھپن[۱۵۶] نئی مشنری قائم ہوئیں۔

اسلامی مملکت پاکستان میں اِن مشنریوں کی سرپرستی کی وجہ سے عیسائی، مسلمانوں کے مقابلہ میں اپنی جان و مال اور آبرو کو زیادہ محفوظ سمجھتے ہیں۔[۱]

پاکستان میں عیسائی اسٹیٹ

۱۔ مسیحی اداروں کی آٹھ[۸] اسٹیٹ یعنی غیر منقولہ وسیع اراضیات ہیں اور بڑے بڑے شہروں میں اِن کی جائیداد اور عمارات کی مالیت کروڑوں روپے ہے۔

۲۔ عیسائی مشنری اپنی خصوصی توجہ غریب مسلمانوں اور غیر مسلم پست اقوام ہندو، بدھ مت وغیرہ پر دیتی ہے۔

۳۔ اِن مشنریوں کا رابطہ غیر مسلم سفارت خانوں سے بھی ہوتا ہے۔ جن کے ذریعے یہ پاکستانی حکومت سے مراعات حاصل کرتے ہیں۔ اور اگر کوئی مخلص مسلمان اسلام کے خلاف اِن کی دل سوز باتوں پر تنقید کرے تو اس کے خلاف بڑی سُرعت سے قانونی کاروائی کے لئے حکومت پر دباؤ ڈالا جاتا ہے۔ اِس کے باوجود پاکستان میں ہمارے علمائے کرام اور دین دوست حضرات عیسائیت کے بڑھتے ہوئے سیلاب کا سدّ باب کیوں نہیں کرتے؟ کیا عیسائی مشنریوں کے تخریبی حربوں کو نظر انداز کرنے میں اسلام کا کوئی مفاد ہے؟

---

[۱] ڈاکٹر محمد نادر رضا صدیقی؛ پاکستان میں مسیحیت

Marfat.com

پاکستان میں عیسائی آبادی

۱۔ تقسیم ہند کے وقت ۱۹۴۷ء میں مشرقی اور مغربی پاکستان کی مجموعی عیسائی آبادی ۸۰ ہزار تھی۔

۲۔ ۱۹۵۱ء میں صرف مغربی پاکستان کی مردم شماری کے مطابق عیسائی آبادی بڑھ کر ۴،۳۲،۰۰۰ (چار لاکھ بتیس ہزار) ہوگئی۔

۳۔ ۱۹۶۱ء میں مغربی پاکستان کی مردم شماری کے مطابق عیسائی آبادی ۵،۸۳،۸۸۴ (پانچ لاکھ تراسی ہزار آٹھ سو چوراسی) تک پہنچ گئی۔

۴۔ ۱۹۷۲ء میں مغربی پاکستان کی مردم شماری کے مطابق عیسائی آبادی ۹،۰۷،۸۶۱ (نو لاکھ سات ہزار آٹھ سو اکسٹھ) ہوگئی۔

۵۔ مارچ ۱۹۸۱ء میں عیسائی آبادی کے اعداد و شمار پاپولیشن سینسز آرگنائزیشن حکومت پاکستان اسلام آباد کے ریکارڈ کے مطابق ۱۳،۱۰،۴۲۶ (تیرہ لاکھ دس ہزار چار سو چھبیس) ہوگئی۔ جن میں سے دیہاتی آبادی سات لاکھ اٹھارہ ہزار دو سو تینتالیس (۷،۱۸،۲۴۳) ہے۔ اور شہری آبادی ۵،۹۲،۱۸۳ (پانچ لاکھ بانوے ہزار ایک سو تراسی) نفوس پر مشتمل ہے۔

گویا ہر دس سال بعد قریباً ۴ لاکھ افراد کا عیسائی آبادی میں اضافہ ہوا ہے۔ عیسائیت کی بڑھتی ہوئی آبادی پاکستان کے لئے تشویشناک ضرور ہے۔ جن اسلامی ممالک میں مسلمانوں کی اکثریت صرف چند فیصد ہے وہاں عیسائی آبادی میں اضافہ اسلامی حکومت کے خاتمہ کا موجب بن سکتا ہے جو اور بھی خطرناک ہے۔

مقامِ افسوس

ہے کہ انگریز کے سو سالہ دورِ اقتدار میں سرکاری اثر و رسوخ اور مراعات کے باوجود مشرقی اور مغربی پاکستان کی عیسائی آبادی ۸۰ ہزار سے زیادہ نہ بڑھ سکی۔ اور پھر آزادی کے بعد تیس سال میں عیسائیوں کی تعداد ٹڈی دَل کی طرح بڑھنے لگی۔ دورِ غلامی میں علمائے کرام اور بزرگانِ دین نے عیسائی مبلغوں کا ڈٹ کر مقابلہ کیا تھا۔ مگر قیامِ پاکستان کے بعد تو ایک اسلامی مملکت میں گویا عیسائیوں کو عیسائیت کی تبلیغ کی کھلی چھٹی مل گئی اور علمائے کرام عیسائیت کے سدِ باب سے گویا فارغ ہو بیٹھے ہیں۔

Marfat.com

وزارتِ مذہبی امور کی غفلت، علماء کرام کا معمولی نوعیت کے اختلافات میں زیادہ دلچسپی لینا، دیہات میں اسلام کی تبلیغ کا فقدان اور غریب مسلمانوں پر صاحبِ استطاعت اور بااثر لوگوں کے مظالم اور حکام کی لوٹ کھسوٹ وغیرہ ایسے امور ہیں جو عیسائی آبادی میں اضافہ کا موجب بنتے ہیں۔ اس کے برعکس عیسائی مشنریوں نے پہلے سے زیادہ محنت، تنظیم، تدبر، مکر و فریب اور لالچ کے ذریعے عیسائیت کو فروغ دیا ہے۔

مشنریوں کا تبلیغی طریق کار

مشنریوں کے طریق کار کے متعلق چند باتیں غور طلب ہیں:۔

۱۔ اسکولوں کے ذریعہ لوگوں کے گھروں میں رابطہ قائم کیا جاتا ہے اور سلسلۂ تبلیغ کی ابتداء ہوتی ہے۔ مسلمان بچوں کے ذہن میں عیسائی عقائد داخل کئے جاتے ہیں تاکہ وہ اسلام کے مسلّمہ عقائد میں شک و شبہ کرنے لگیں۔

۲۔ مشنری خواتین عام طور پر جب مرد گھروں میں نہیں ہوتے، عورتوں میں تبلیغ کرتی ہیں۔ گاؤں میں گیت بھی گاتی ہیں اور عیسائیت بھی پھیلاتی ہیں۔

۳۔ مشنری خواتین غرباء کے بچوں کو پیار کرتی ہیں۔ صابن، خشک دودھ کے ڈبے، گرم کپڑے، کمبل وغیرہ تقسیم کرتی ہیں۔

۴۔ دیہاتوں اور عیسائی کالونیوں میں فلموں کے ذریعے لوگوں کو اکٹھا کیا جاتا ہے۔ عیسائیت سے قبل خستہ معاشرہ اور عیسائیت کے بعد خوشحال زندگی دکھائی جاتی ہے۔

۵۔ نوجوان لڑکیوں کے ذریعے رسالے فروخت کئے جاتے ہیں۔ جو ظاہراً تو جغرافیہ اور دوسری معلومات کے متعلق ہوتے ہیں۔ مگر اُن میں عیسائی پادریوں کے مضامین ہوتے ہیں۔

۶۔ جاہلوں کو جعلی دوائی دی جاتی ہے اور کہا جاتا ہے کہ اللہ رسول کا نام لے کر پی جاؤ۔ ظاہر ہے کہ اس دوائی سے شفا نہیں ہوتی۔ پھر چند دن بعد اصل دوائی دے کر کہا جاتا ہے کہ خدا یسوع مسیح کا نام لے کر پی جاؤ۔ حضرت عیسیٰ (علیہ السلام) بھی آپ کے نبی ہیں۔ وہ مُردوں کو زندہ کرتے تھے، بیمار کو شفا دیتے تھے۔ اس طرح جب اصل دوا سے

Marfat.com

افاقہ ہوتا ہے تو اُن کو عیسائیت کا گرویدہ بنایا جاتا ہے۔ یہ لوگ پہلے مبلغ ہیں پھر ڈاکٹر ہیں۔ بعض اوقات اگر انجیل کی تبلیغ کو پسند نہ کیا جائے تو تُرشی سے کہا جاتا ہے۔ اگر انجیل کی یہ تبلیغ پسند نہیں تو دوا بھی نہیں۔

۷۔ اپریشن سے قبل ہسپتال کا عیسائی عملہ کہتا ہے کہ ہم خداوند یسوع مسیح سے اِس اپریشن کی کامیابی کی دُعا کرتے ہیں۔ اُس اپریشن میں مریض کے ذہن میں یہ بات بٹھائی جاتی ہے کہ اُس کی زندگی یسوع مسیح کے ہاتھ میں ہے۔ وہی صحت دینے والا پیغمبر ہے۔ اسی طرح ہسپتال میں جانے والا جسمانی مریض، روحانی مریض بن کر نکلتا ہے۔

۸۔ عیسائی عورتیں بڑے گھروں کی بیگمات سے تعلقات پیدا کرتی ہیں اور اس طرح اثر ورسوخ بڑھتا ہے۔

۹۔ نوجوانوں کو جنسی روابط کے مواقع فراہم کیئے جاتے ہیں۔ جس کے بُرے اثرات ظاہر ہیں۔

۱۰۔ نوجوانوں میں منشیات کے استعمال سے اسلامی رجحانات کو ختم کیا جاتا ہے۔

۱۔ عیسائی تبلیغ کی انتہا ملک گیری ہے

یہ بات دھوکہ اور فریب ہے اور ہم خود فریبی میں مبتلا ہیں۔ اگر یہ سمجھیں کہ عیسائی مشنریاں خدمتِ انسان کے لئے کام کر رہی ہیں۔

۲۔ عیسائی مشنریوں کی منزلِ مقصود بہت بلند ہے۔ وہ صرف خدمتِ خلق یا عیسائیوں میں محض عیسائیت کی تبلیغ کرنا نہیں ہے بلکہ لوگوں کا مذہب تبدیل کر کے عیسائی بنانا ہے۔

۳۔ اگرچہ اس کی ابتداء خدمتِ خلق سے ہوتی ہے۔ مگر اس کی انتہا ملک گیری ہے۔ خدمتِ انسانی کا لبادہ اوڑھ کر عیسائیت کی تبلیغ سے لاکھوں کو عیسائی بنایا جاتا ہے۔

۴۔ تخریبی حربوں اور سازشوں کے لئے بڑے عیسائی ممالک کو پلیٹ فارم اور مرکز مہیّا کیئے جاتے ہیں۔

۵۔ بڑے عیسائی ملکوں کی توسیع پسندانہ پالیسی کو کامیاب بنایا جاتا ہے۔

۶۔ اندرون ملک استحکام کو کمزور سے کمزور تر کر کے اگر ممکن ہو تو ملک گیری کے لئے سازگار سیاسی ماحول پیدا کیا جاتا ہے۔

Marfat.com

سوال یہ ہے کہ ....

۱۔ یہ مشنریاں ہماری سرحدوں کے قریب آباد ہو کر چرچ اور ہسپتال کیوں قائم کرتی ہیں؟

۲۔ پاکستانی مشنریوں کو سرمایہ، افراد، لٹریچر اور ہدایات غیر ممالک سے مہیا کی جاتی ہیں۔ یقیناً یہ بات غور طلب ہے کہ ان مشنریوں کا اربوں روپیہ غیر ممالک میں غیر مذاہب کی تبلیغ پر کیوں خرچ کیا جاتا ہے؟ جب کہ عیسائی ممالک کی اکثریت ایٹمی اسلحہ سے لیس ہو کر آتش فشاں پہاڑ بن چکی ہے۔

۳۔ کیا عیسائی ممالک کے کردار کی اصلاح کر کے دُنیا کو تباہی و بربادی سے بچانا اور دُنیا میں امن و امان اور عدل کی فضا پیدا کرنا ضروری نہیں ہے؟

اسلامی نظریہ میں نقب زنی

پاکستان کا وجود دُنیا میں اسلام پہنچنے کے لئے قائم ہوا ہے۔ لیکن مختلف حربوں سے اسلامی نظریہ میں نقب زنی کی جا رہی ہے:۔

۱۔ **آزادیٔ فکر اور آزادیٔ خیال** آزادیٔ فکر کے نام پر سوسائیٹیاں اور محاذ بنائے جاتے ہیں۔ جہاں علم اور عقل کے نام سے سلام کا تجزیہ کیا جاتا ہے۔ مگر اسلام کا نام نہیں لیا جاتا۔ اس طرح علمی تحقیق اور عقلی استدلال کا جال بچھایا جاتا ہے۔

۲۔ **مغربی تہذیب اور تمدّن کو فروغ** دیا جاتا ہے۔ تاکہ اسلامی تعلیمات کے اثرات زائل ہوں اور مسلمان اپنا تشخّص ختم کر کے مغرب زدہ بن جائیں۔ وہ رسولِ معظم صلی اللہ علیہ وسلّم کی بجائے مغربی فلسفیوں کی تقلید کریں اور اسلامی معاشرے اور تمدّن کو حقارت سے دیکھیں۔

۳۔ **اسلام کی بیخ کنی** کے لئے اسلام کو رجعت پسند قرار دے کر اسلام کی

Marfat.com

جدید تعمیر کا فتنہ اٹھایا جاتا ہے۔ اسلامی قوانین کے نفاذ کو روکنے کے لئے یہ بھی کہا جاتا ہے کہ مسلمان ابھی ذہنی طور پر پختہ نہیں ہیں۔

۴۔ آزادئ نسواں کی تحریک

عیسائیوں کی تحریکِ آزادئ نسواں، اسلامی معاشرے کے لئے بدترین حربہ ہے۔ اِسی تحریک کے ذریعے خواتین کی نفسیاتی اور اجتماعی ارتقاء کو ابھارا جاتا ہے تاکہ اخلاقی اور فکری بے راہ روی اور مرد و زن کے مخلوط روابط سے فساد برپا ہو اور مذہبی تنزل کی راہیں کھلیں۔ حالانکہ اسلامی معاشرے میں ازدواجی زندگی مغربی ممالک کے مقابلہ میں زیادہ خوشحال ہے۔

ایک ہی سلسلے کی دو کڑیاں

بظاہر اسلام کے خلاف صلیبی جنگیں طویل عرصہ سے ختم ہوگئی ہیں۔ مگر عملاً اسرائیلی جنگوں کے نام سے گزشتہ ۳۰ سال سے جاری ہیں۔ یہ جنگ انہی عیسائی ملکوں کے اِلحاق اور اور اشتراک سے جاری ہے۔ جنھوں نے صلیبی جنگوں میں حصّہ لیا۔ ورنہ اسرائیل کا وجود کبھی کا ختم ہوگیا ہوتا۔ صلیبی اور اسرائیلی جنگ ایک ہی تصویر کے دو رخ ہیں۔ ایک ہی منزل کے دو راستے ہیں۔ ایک ہی مقصد کے حصول کے لئے دو حربے ہیں اور ایک ہی سلسلے کی دو کڑیاں ہیں۔

مشرقِ وسطیٰ میں موجودہ حالات و خطرات اِن عیسائی ممالک کے پیدا کردہ ہیں جن سے عیسائی ممالک اور روس دونوں فائدہ اٹھا رہے ہیں۔

عیسائی تخریب کاری کا سدِّ باب

پاکستان میں حالات و خطرات کے پیشِ نظر تبلیغ برائے تخریب کے سدِّ باب کی اشد ضرورت ہے۔ سوال یہ ہے کہ اسلامی حکومت، علماء اور عوام کو کیا کرنا چاہیئے۔

۱۔ اسلام میں اِرتداد کا قانون چودہ سو سال سے مرتب ہو چکا ہے۔ اب پاکستان میں

Marfat.com

اس کو بغیر کسی تردّد کے نافذ کر دینا چاہیئے۔

۱۹۷۹ء میں بھارت نے خوف، جبر اور لالچ کے ذریعے مذہب تبدیل کرنے والے کو قید اور جرمانہ کی سزا کا حکم صادر کیا تھا۔ مذہب کی تبدیلی سے قبل ایسے شخص کا مجسٹریٹ کے سامنے پیش ہونا ضروری ہے تاکہ تبدیلیٔ مذہب کی وجوہ کی تحقیق ہو سکے۔

پاکستان میں بھی اسی قسم کا قانون نافذ ہونا چاہیئے۔

۲۔ اس بین الاقوامی فتنۂ مسیحیّت کے خلاف اسلامی سربراہی کانفرنس میں جامع منصوبہ تشکیل دینا چاہیئے۔

عیسائی لوگ اسلامی نظام اور اسلامی معاشرے کے خلاف پروپیگنڈا کرتے ہیں۔ انتخابات میں اِن کا دین دار سیاسی پارٹیوں کے ساتھ اِلحاق کا کوئی امکان نہیں ہوتا۔ اِس طرح لادین پارٹیوں کو خاصی مدد ملتی ہے۔

۳۔ غیر ممالک کی مشنریوں کو پاکستان میں مراکز کھولنے کی اجازت نہ دی جائے۔ کیوں کہ اسلام میں اِرتداد کی اجازت ہی نہیں ہے۔ اِس کے لئے حکومت کو کسی معذرت کی قطعی ضرورت نہیں ہے۔

پاکستان کے علاوہ متعدد ممالک نے عیسائی مشنریوں پر جُزوی یا کُلّی پابندی لگا دی ہے۔ جیسے چین، ایران، تُرکی، عراق، مصر، اُردن، سیلون، تھائی لینڈ، ملیشیا، سوڈان وغیرہ۔ اسرائیل نے بھی عیسائی مشنریوں پر پابندی لگائی ہوئی ہے جس کا وجود ہی عیسائی ممالک کی سیاسی، اقتصادی اور دفاعی الحاق اور اشتراک پر ہے۔ اِس کے برعکس پاکستان میں حکومت نے مشنری کو رائے ونڈ نزد لاہور میں نارمل سکول کے قیام کی اجازت دے کر اساتذہ کے ذہنوں سے اسلامی نظریہ کو مِسمار کرنے کا موقع فراہم کیا ہوا ہے۔ خُدا جانے پاکستان اس قدر ایمانی، اخلاقی اور سیاسی کمزوری کا حامل کیوں ہے؟

یہ واضح کر دینا اشدّ ضروری ہے کہ اِن مشنریوں کی انتہائی سرگرمیوں کے نتیجہ میں ایتھوپیا تنزانیہ، چاڈ، مرکزی افریقہ، ری پبلک آئیوری، کوسٹ، گھانا، سینی گال وغیرہ میں مسلمانوں کی اکثریت کے باوجود عیسائی اقلیّت کی حکومت قائم ہے۔ یہ فتنۂ مسیحیّت

Marfat.com

براعظم افریقہ اور جنوبی ایشیا میں وبا کی طرح پھیل چکا ہے۔ اب یہ بین الاقوامی مسئلہ ہے۔
دُنیائے اسلام کو اس پر بڑی سنجیدگی سے غور کرنا چاہیئے۔

۴۔ تمام اسلامی ممالک اور پاکستان میں توحیدِ الٰہی کے خلاف عقیدہ کی تبلیغ، نشر و اشاعت
انبیاءِ کرام، خلفائے راشدین اور دیگر صحابہ کرام، اولیائے عظام کی توہین اور تنقیص و تنقید
قانوناً ممنوع ہونی چاہیئے۔ تاکہ دوسرے مذاہب، مسلمانوں کے جذبات کو مجروح نہ کریں۔
اور فساد برپا نہ ہو۔

موجودہ انجیل پر ایک نظر

ایک آئینہ ــــــــ مجموعۂ تضادات

موجودہ بائیبل پر عیسائیوں سے چند اہم سوال:۔

۱۔ کیا اناجیل میں کسی مقام پر یہ دعویٰ آیا ہے کہ یہ خدا کی طرف سے آئی ہے؟

۲۔ کیا حضرت یسوع مسیح علیہ السلام پر ایک انجیل نازل ہوئی یا اس سے زائد؟

۳۔ اگر ایک ہوئی تو موجودہ انجیلیں متی، مرقس، لوقا، یوحنّا اور دوسری اناجیل برناس وغیرہ کس طرح وجود میں آئیں؟

۴۔ کیا موجودہ تمام اناجیل اسی طرح خدا کی طرف سے نازل ہوئیں؟
اگر ایسا ہے تو اِن پر اِن کے مصنفین کے نام کیوں درج ہوئے؟ اور کب درج ہوئے؟
اگر یہ اناجیل الہامی ہیں تو اِن کے مضامین میں مندرجہ ذیل واقعات اور تعلیمات میں تضاد اور فرق کیوں ہے؟:۔

(i) اِن سب اناجیل میں حضرت یسوع مسیح علیہ السلام کی زندگی، اُن کے شجرۂ نسب، اُن کے وعظ و کلام کو ہی درج کیا گیا ہے۔ کیا ایسے حالات خُدا کی طرف سے بذریعہ وحی یا اِلہام نازل ہو سکتے ہیں؟

(ii) متی اور لوقا میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا سلسلۂ نسب درج ہے۔ متی میں ۲۸ اور لوقا

Marfat.com

ہیں ۳۴ نسلوں کا ذکر ہے۔ دونوں میں ان کے مبیّنہ آباؤ واجداد کے نام مختلف ہیں۔ ان میں سے کونسا سلسلۂ نسب صحیح ہے؟

(iii) ہیرودیس کی کہانی صرف متی میں ہے باقی تین ۳ انجیلوں میں نہیں۔ اس کا کیا سبب ہے؟ اور کہانی کے سچ ہونے کی کیا دلیل ہے؟

۵۔ اصل انجیل حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر کس زبان میں اتری؟

کیا آپ کو معلوم ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی زبان آرمیائی تھی، کیا اُس زبان میں کوئی انجیل موجود ہے؟ اگر ہے تو کہاں ہے؟ ثبوت بہ حوالہ پیش کیا جائے۔

۶۔ بشپ بائیبل کون سی تھی۔ اُس کو شاہ جیمز والئ انگلستان نے کیوں تبدیل کر دیا۔ شاہ جیمز کا ترجمہ ۲۵۹ سال تک مستند مانا گیا۔ شاہ جیمز کے ترجمہ میں بیس ۲۰ ہزار غلطیاں نکلیں۔ پھر ۱۸۸۴ء میں نظر ثانی کر کے ایک اور بائیبل منظر عام پر لائی گئی۔ سنہ ۱۹۰۱ء میں امریکہ والوں نے نئی بائیبل کیوں بنائی؟ اور پھر سنہ ۱۹۵۲ء میں اسے کیوں بدل دیا گیا؟ مختلف ممالک کی ان بائبلوں میں سے کون سی مستند ہے؟

۷۔ رومن کیتھولک کی بائیبل میں ۷۲ کتابیں ہیں جبکہ پروٹسٹنٹ کی بائیبل میں ۶۶ کتابیں ہیں۔ اِن دونوں میں سے درست بائیبل کون سی ہے؟

۸۔ عہد نامہ عتیق میں ۵۶ کتابیں تھیں۔ لیکن موجودہ ایڈیشن میں ۳۹ کتابیں ہیں۔ بقیہ ۱۷ کتابیں کہاں گئیں؟

۹۔ ذیل کی عبارت ملاحظہ فرمائیں:۔

"چونکہ بہتوں نے اِس پر کمر باندھ رکھی ہے کہ جو باتیں ہمارے درمیان ہوئیں اُن کو ترتیب وار بیان کریں جیسا کہ انہوں نے جو شروع سے خود دیکھنے والے اور کلام کے خادم تھے۔ اُن کو ہم نے پہنچایا۔ اِس لئے معزز تھیفلیس نے بھی یہ مناسب جانا کہ سب باتوں کا سلسلہ شروع سے ٹھیک ٹھیک دریافت کر کے از سرِ نو اُن کو ترتیب سے لکھوں۔" [1]

---

[1] انجیل لوقا: باب ۱، آیت ۱ تا ۴

Marfat.com

ان آیات میں بہت سے مصنفین کا ذکر ہے۔ بتلایئے وہ کون تھے؟ اگر یہ خدا کا کلام تھا تو تھیفلیس کے نام پر معنون کرنا چہ معنیٰ دارد؟

۱۰۔ یہ عبارت بھی دیکھیں:۔

”بائبل کے عبرانی اور یونانی مخطوطات کے مطالعہ سے ان الہامی عقائد کی بنیادیں ہل گئیں۔ جن کی صداقت کا انحصار بائبل کے کلامِ الٰہی ہونے پر تھا۔ صحیفوں کے باہمی اختلاف اور فرق پر اب مزید پردہ نہیں ڈالا جا سکتا ہے۔“[1]

۱۱۔ بشپ آف کنٹربری نے ۱۹۳۰ء میں ایک کمیشن مقرر کیا۔ جس نے مندرجہ بالا بیان کی تائید کرتے ہوئے لکھا:۔

”انیسویں صدی کی ابتداء تک کلیسا کا یہی نظریہ تھا کہ بائبل غلطیوں سے پاک ہے۔ لیکن موجودہ علم و تحقیق کی روشنی میں اُسے برقرار نہیں رکھا جا سکتا۔“

۱۲۔ آپ غور فرمائیں، اگر موجودہ انجیل عیسائیوں کی مذہبی آسمانی کتاب ہی مصدّقہ نہیں ہے تو عیسائی مذہب کیسے برحق ہو سکتا ہے؟

عیسائی مشنری کے مزید ہتھکنڈے

مشہور مناظرِ مسیحیت مسلم سکالر احمد دیدات ۱۹۸۷ء میں پاکستان آئے تو اُن کے انٹرویو اخبارات میں شائع ہوئے۔ جن میں انہوں نے بیان کیا کہ عیسائی مشنری اسلام کے خلاف کیسے کیسے ہتھکنڈے استعمال کر رہی ہے اور ہم کس طریق پر کس نہج سے اُن کا توڑ کر رہے ہیں۔ اُن کے کئی تاریخ ساز مناظرے ہو چکے ہیں لیکن افسوس ناک پہلو یہ ہے پاکستانی لوگ خصوصاً عوام الناس اُن سے کماحقہٗ استفادہ نہیں کر سکتے۔ اس لئے کہ اخبارات کا اس سلسلہ میں کوئی کردار نہیں وہ انہیں بے خبر رکھتے ہیں کہ تازہ صورتِ حال کیا ہے۔ انہوں نے اپنی زندگی اسلام کی سربلندی اور ردِّ عیسائیت کے لئے وقف کر رکھی ہے۔ انہوں نے بتایا:۔

”عیسائی، مسلمانوں کو مباحثہ کی دعوت دیتے رہتے ہیں۔ سوئٹزرلینڈ میں ایک مقام

---

[1] انسائیکلوپیڈیا برٹینکا: جلد ۳، ص ۵۰۱، پیرا ۳، ۴

Marfat.com

پر مکالمہ ہوا تھا۔ وہاں پر کئی قرار دادیں منظور ہوئیں۔ اس مناظرہ کی اہم بات یہ تھی کہ "ایک دوسرے کے ساتھ کس طرح حسنِ سلوک سے پیش آیا جائے"۔ اُس میں اُمتِ مسلمہ کے جیّد علماء شریک ہوئے تھے۔ اس مباحثہ کے اختتام پر فوری طور پر عیسائیوں نے نائیجریا میں کروڑوں ڈالر سے ایک پروگرام شروع کیا۔ جس کے ذریعہ مسلمانوں کو متاثر کرنا مقصود تھا"

غرض عیسائیوں کے مشنری نظام پر ہمیں سنجیدگی سے غور کر کے اہلِ اسلام کے ایمانوں کو اُن اسلام دشمن عناصر کے شرّ سے بچانا ہوگا۔ یہ کام کسی فردِ واحد کا نہیں بلکہ عوام اور حکومت، علماء اور مشائخ، اہلِ قلم اور اہلِ درد سب ہی اس طرف توجہ کریں اور بے خبر مسلمانوں کو ایسے ظالموں کی دست بُرد سے بچانے کی پوری کوشش کریں۔ عالمی سطح پر تو یہ مسئلہ پوری دُنیا کے لئے مصیبت بنا ہوا ہے۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ مملکتِ خداداد پاکستان میں بھی یہ مسئلہ اپنی جڑیں مضبوط کرے جبکہ روز بروز یہ لوگ اپنا جال مضبوط کرتے جارہے ہیں اور ہم ہیں کہ اِس کی ہمیں کوئی پرواہ ہی نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اپنا اپنا فرض پہچاننے اور اُسے ادا کرنے کی توفیق بخشے۔ آمین۔

عبدالستار طاہر قادری رضوی عفی عنہٗ

لاهور چھاؤنی

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اعتراض نمبر ا :- قرآن شریف سے ثابت ہے کہ عیسٰی علیہ السلام کا دوبارہ نزول ہوگا جب تمام اہل قرآن اُن پر ایمان لائیں گے۔ یہ تمام مندرجہ بالا حوالہ جات سے ظاہر ہوتا ہے کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلّم سے مسیح علیہ السلام افضل ہیں؟

جواب :- اصل میں یہ پادری صاحب کا گیارہواں اور آخری اعتراض تھا جسے ہم نے سب سے پہلے رکھا ہے۔ کیونکہ اس میں اعتراضات کرنے کا مقصد واضح کیا ہوا ہے۔ اُن کے باقی وسوسے انشاء اللہ تعالیٰ نمبروار دفع کئے جائیں گے۔

۱- **اوّلاً** - پادری صاحب اپنا نزاع مسلمانوں سے صرف اتنا بتاتے ہیں کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلّم سے عیسٰی علیہ السلام افضل ہیں، جبکہ مسلمان نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی افضلیت کے قائل ہیں۔ گویا پادری صاحب کو سرورِ کون و مکاں صلی اللہ علیہ وسلّم کی نبوت پر کوئی اعتراض ہی نہیں، صرف افضلیت سے انکار ہے۔

۲- **ثانیاً** - یہ پادری صاحب کی چال بازی ہے۔ حقیقت میں انہیں حضور کے نبی ہونے سے مطلقاً انکار ہے۔ ایسے چال وہ مسلمانوں کو پھنسانے کے لئے استعمال کرتے ہیں۔ ورنہ وہ خود مسلمان کیوں نہ ہوئے مسلمانوں کو عیسائی کیوں بنانا چاہتے ہیں؟

۳- **ثالثاً** - پادری صاحب نے کیسے عالم آشکار میں یہ سفید جھوٹ بولا ہے کہ "عیسٰی علیہ السلام کا دوبارہ نزول ہوگا، جب تمام اہل قرآن اُن پر ایمان لائیں گے۔"

Marfat.com

ان کے نزدیک گویا قرآن والے ایمان سے محروم ہیں اور عیسیٰ علیہ السلام کے دوبارہ نازل ہونے پر انہیں گویا ایمان نصیب ہوگا۔ پھر کمال جسارت کی کہ اُس کا ثبوت قرآنِ کریم کے سر تھوپ دیا۔ حالانکہ قرآنِ کریم کے الفاظ یہ ہیں:۔

وَ اِنْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهٖ (النساء، ۱۵۹)

اور کوئی اہل کتاب (یہود و نصاریٰ) ایسا نہیں جو اُس (حضرت عیسیٰ) پر ایمان نہ لائے اُس کی موت سے پہلے۔

اس سے ثابت ہوا کہ یہود و نصاریٰ دونوں فرقے آج ایمان سے محروم ہیں عیسیٰ علیہ السلام پر بھی دونوں فرقوں میں سے کسی کا ایمان نہیں۔ یہودی اُن کی نبوّت کے منکر ہیں۔ اور عیسائی انہیں خُدا کا بیٹا، یا تیسرا خدا مانتے ہیں۔ ان کے اصلی منصب یعنی نبوّت کو نہیں مانتے۔ جب عیسیٰ علیہ السلام کا دوبارہ نزول ہوگا، تب یہود و نصاریٰ اُن کی نبوّت کے قائل ہو کر افراد و تفریط سے باز آئیں گے۔ عیسیٰ علیہ السلام اور جملہ انبیاء کرام کی نبوّت پر اگر ایمان ہے، تو صرف مسلمانوں کا ہے۔ یہود و نصاریٰ کی جگہ مسلمانوں کو کھڑا کر دینا پادری صاحب کی چالبازی ہے۔

اعتراض نمبر ۲

:۔ حضرت مسیح علیہ السلام کی والدہ کو قرآنِ کریم نے صدیقہ کہا ہے اور ان کی شان ہیں:۔

وَ اصْطَفٰكِ عَلٰى نِسَآءِ الْعٰلَمِيْنَ ○ (آلِ عمران: ۴۲)

اور آج سارے جہاں کی عورتوں سے تجھے چُن لیا۔

بیان کر کے اُن کو تمام جہان کی عورتوں پر فضیلت دی ہے۔ اِس کے برخلاف محمدؐ رسول اللہ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم) کی والدہ کا قرآنِ کریم میں کوئی ذکر نہیں؟

جواب

:۔ قرآنِ کریم میں یوں ہے:۔

مَا الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ اِلَّا رَسُوْلٌ ۚ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ۚ

عیسیٰ ابنِ مریم نہیں تھے مگر اللہ کے رسول۔ اُن سے پہلے بہت سے رسول

Marfat.com

وَ اُمُّهٗ صِدِّيْقَةٌ ط كَانَا | ہو گزرے اور اس کی والدہ صدّیقہ یعنی
يَاْكُلٰنِ الطَّعَامَ ط (المائدہ: ۷۵) | ولیہّ تھی اور وہ دونوں کھانا کھاتے تھے۔

اِس آیت کریمہ میں باری تعالیٰ نے عیسائیوں کا ردّ فرمایا ہے جیسا کہ ماسبق سے واضح ہے۔ نصاریٰ، عیسیٰ علیہ السلام اور اُن کی والدہ کی الوہیّت کے قائل تھے۔ انہیں ان دونوں حضرات کا اصلی منصب بتایا جا رہا ہے۔ کہ اے عیسائیو! تم جھوٹے ہو۔ عیسیٰ اور مریم ہرگز خدا نہیں۔ بلکہ عیسیٰ رسول ہیں اور ان کی والدہ، ولیہّ

۲۔ ثانیًا

۔ رسول تو خود ہی توحید کے سب سے بڑے علم بردار ہوتے ہیں۔ مریم علیہا السلام کی پوزیشن بھی قرآنِ کریم نے واضح کر دی کہ "صدیقہ"، یعنی بہت سچی تھیں۔ کیونکہ ان کا توحید باری تعالیٰ پر ایمان تھا۔ مریم علیہا السلام کا صدّیقہ ہونا، نصاریٰ کے "بہت جھوٹے" ہونے کی دلیل ہے جو کہ توحید کا انکار کرتے ہیں۔ اس سے یہ بھی ثابت ہوا کہ نصاریٰ حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور مریم علیہا السلام کے پیروکار نہیں، بلکہ مخالف ہیں۔

۳۔ ثالثًا

۔ قدرت کا فیصلہ تھا کہ عیسیٰ علیہ السلام کو بغیر باپ کے پیدا کیا جائے۔ اس امر کے لئے باری تعالیٰ نے تمام جہان کی عورتوں میں سے کنواری مریم علیہا السلام کا انتخاب کیا۔ جس بات کا قرآنِ کریم نے بایں الفاظ ذکر فرمایا ہے:

وَاصْطَفٰكِ عَلٰى نِسَآءِ الْعٰلَمِيْنَ ۝ | اور سارے جہاں کی عورتوں سے تجھے چُن لیا۔
(آلِ عمران: ۴۲)

اس سے یہ کیوں کر اخذ کیا جا سکتا ہے کہ وہ تمام جہاں کی عورتوں سے افضل ہیں۔

۴۔ رابعًا

۔ قرآنِ کریم میں تو یہ بھی ہے:

وَلَقَدِ اصْطَفَيْنٰهُ فِى الدُّنْيَا | اور بے شک ضرور ہم نے اُسے (حضرت
وَاِنَّهٗ فِى الْاٰخِرَةِ لَمِنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝ | ابراہیم کو) دُنیا میں چُن لیا اور آخرت میں وہ ہمارے
(البقرۃ: ۱۳۰) | مقربین میں ہوگا۔

Marfat.com

دوسری جگہ اور واضح بیان دیکھئے :۔

إِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰٓى اٰدَمَ وَنُوْحًا وَّاٰلَ اِبْرٰهِيْمَ وَاٰلَ عِمْرٰنَ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ۝ (آل عمران: ۳۳)

بے شک اللہ نے چُن لیا آدم اور نوح اور ابراہیم کی آل اور عمران کی آل کو سارے جہانوں سے

تو کیا ابراہیم علیہ السلام کی اور عمران کی اولاد انبیاء کرام سے بھی افضل ہے ؟ جس طرح یہاں افضلیّت مراد نہیں۔ بلکہ ایک خاص انتخاب مراد ہے۔ اُسی طرح مریم علیہا السلام کے ایک خاص انتخاب کا ذکر ہے۔ نہ کہ اُن کی افضلیّت کا۔ مذکورہ حوالہ پادری صاحب کے مدعا کی دلیل نہیں ہو سکتا۔

۵۔ خامسًا

۔ اگر یہ فرض کر لیا جائے کہ مریم علیہا السلام تمام جہان کی عورتوں سے افضل ہیں تو اِس بات سے عیسٰی علیہ السلام کی افضلیّت کیسے ثابت ہو جائے گی۔ کیا ماں باپ کے افضل ہونے سے اولاد کا افضل ہونا لازمی ہو جاتا ہے ؟ اگر پادری صاحب کے نزدیک یہی کلیہ ہے تو پھر ساری کائنات میں آدم علیہ السلام سب سے افضل ہونے چاہئیں نہ کہ عیسٰی علیہ السلام۔

۶۔ سادسًا

۔ باری تعالیٰ کا ارشاد ہے :۔

وَتَقَلُّبَكَ فِى السّٰجِدِيْنَ ۝ (الشعراء، ۲۱۹)

اے محبوب ! اور سجدہ کرنے والوں میں تمھارے دورے کو۔

یعنی آپ کے آباؤ اجداد کو عبادت گزار بنایا کہ پروردگارِ عالم کو سجدہ کرتے تھے یعنی جن جن حضرات کو باری تعالیٰ نے نورِ محمدی کی امانت سپرد کی، وہ کافر نہیں بلکہ ساجد تھے۔ نبیٔ کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم کی والدہ ماجدہ بھی اِس زمرے میں خاص طور پر آگئیں اور اُن کا ساجدہ ہونا بھی ثابت ہو گیا۔ اِس کے برعکس مریم علیہا السلام کو باری تعالیٰ نے یوں حکم دیا :۔

يٰمَرْيَمُ اقْنُتِىْ لِرَبِّكِ وَاسْجُدِىْ وَارْكَعِىْ مَعَ الرّٰكِعِيْنَ ۝ (آلِ عمران، ۴۳)

اے مریم! اپنے رب کے حضور ادب سے کھڑی ہو اور سجدہ کر اور رکوع کرنے والوں کیساتھ رکوع کر۔

Marfat.com

مریم علیہا السلام کو حکم دیا جاتا ہے کہ سجدہ کر۔ اور نبیٔ کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی والدہ ماجدہ کی تعریف کی جاتی ہے کہ وہ ساجدہ ہیں۔ کیا یہ ہر صاحبِ عقل و دانش کے لئے غور و فکر کا مقام نہیں ؟

۷۔ **سابعاً**۔ مریم علیہا السلام کی شان میں یہودی گستاخ تھے اور نصاریٰ اُن کے حقیقی منصب سے بہت آگے بڑھانے لگے تھے۔ دونوں فرقوں کے جملہ مزعومہ دلائل کو نقل کر کے باری تعالیٰ نے قرآن کریم میں اُن کا پوری طرح ردّ فرمایا ہے۔ اسی وجہ سے مریم علیہا السلام کا قرآنِ کریم میں تفصیلی ذکر آیا۔ اس کے برخلاف نبیٔ کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی والدۂ ماجدہ کی شان میں کوئی ایسا دھبّہ ہی نہیں لگایا گیا جس کی صفائی کی جاتی۔

۸۔ **ثامناً**۔ مریم علیہا السلام پر قرآنِ کریم کا کتنا بڑا احسان ہے کہ ان کی حقیقی شان اور منصب کو واضح کیا اور اُن کے مخالفین یہود و نصاریٰ کے بہتانات کا دنداں شکن جواب دیا۔ عیسائی حضرات، قرآنِ کریم کے ان بیانات کی روشنی میں اپنی پوزیشن تو دیکھیں کہ انہیں عیسیٰ علیہ السلام اور مریم علیہا السلام سے واسطہ کیا ہے ؟

اعتراض نمبر ۳

حضرت مسیح علیہ السلام کی گود میں کتاب دی گئی جیساکہ قرآن کریم میں لکھا ہے :۔

اِنِّیْ عَبْدُ اللّٰہِ اٰتَانِیَ الْکِتٰبَ — بے شک میں (حضرت عیسیٰ) اللہ کا بندہ ہوں۔ اُس نے مجھے کتاب دی ہے۔

(مریم : ۳۰)

لیکن رسولِ مقبول (صلّی اللہ علیہ وسلّم) کو چالیس۴۰ سال کے بعد خداوند کریم نے کتاب دی۔

جواب

۔ پادری صاحب نے اس سوال میں یہ واضح نہیں کیا کہ یہاں افضلیّت کی کیا وجہ نکالی ہے ؟ وہ وجہ ظاہر کرتے، تو ادھر سے جواب ملتا۔ ہاں ! چالیس۴۰ کے لفظ سے

Marfat.com

اپنا ذہن اس طرف جا رہا ہے کہ شاید ان کی مُراد یہ ہو کہ عیسیٰ علیہ السلام کو چھوٹی عمر میں کتاب ملی۔ اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو چالیس سال کی عمر میں۔ اگر اُن کا منشاء یہی ہے تو اس میں افضلیت کی کون سی بات آگئی؟ یہ قدرت کا اپنا انتظام ہے۔ علاوہ ازیں نبیٔ کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم کو چالیس سال قوم کے اندر بغیر دعویٰ نبوّت کرائے رکھا گیا۔ تاکہ قوم اُن کی عاداتِ محمودہ اور خصائلِ حمیدہ کی گرویدہ ہو جائے۔ یہی ہوا، وہ لوگ آپ کو "صادق" اور "امین" کے لقب سے پکارتے تھے۔ چالیس سال کے بعد قرآنِ حکیم کا نزول شروع ہوا اور نبوّت کے دعوے کی اجازت ملی، تاکہ ماننے والوں کے لئے کوئی شک وشبہ نہ رہے اور منکرین اپنے منہ آپ جھوٹے ثابت ہوں کہ کل تک تو صادق (سچّا) کہتے تھے اور آج نبوّت کا اعلان کیا تو جھوٹا کہنے لگے۔

۲۔ ثانیاً

۔ عیسیٰ علیہ السلام کو قوم پر اس طرح پیش کر کے حُجّت قائم نہیں کی گئی۔ کیونکہ مکمل نمونہ صرف نبیٔ کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم ہیں۔

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ (الاحزاب: ۲۱)

بے شک تمہارے لئے رسول اللہ کی پیروی بہتر ہے۔

اِسی لئے انہیں قوم کی کسوٹی پر رکھا گیا جس نادر صنعت پر کاریگر کو ناز ہوتا ہے پرکھنے کے لئے وہی پیش کی جاتی ہے۔ قدرت کی بے نظیر صنعت، نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم کی ذاتِ عالی صفات ہے۔

۳۔ ثالثاً

۔ فرمانِ رسالت ہے:۔

كُنْتُ نَبِيًّا وَّ اٰدَمُ بَيْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ (مدارج النبوۃ)

میں اُس وقت بھی نبی تھا جب آدم ابھی رُوح اور جسم کے درمیان تھے۔

اور دوسری جگہ ہے جبکہ:۔

بَيْنَ الْمَآءِ وَالطِّيْنِ

پانی اور مٹی کے درمیان

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلّم تو تمام انسانوں کے باپ آدم علیہ السلام کی تخلیق سے بھی پہلے

Marfat.com

بنی تھے۔ اگر اوّلیت وجہ افضلیّت ہے، تو آدم علیہ السلام کے بھی تقریباً چھ ہزار سال بعد پیدا ہونے والے کس طرح سرورِ کون و مکاں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم سے انفس ہو جائیں گے۔

اعتراض نمبر ۴ ۔ قرآن کریم میں لکھا ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام مردوں کو زندہ کرتے تھے۔ لیکن رسولِ مقبول کے متعلق نہ قرآن میں، نہ کوئی حدیث میں مُردہ زندہ کرنے کا ذکر آیا ہے؟

جواب ۔ یہ پادری صاحب نے جھوٹ بولا ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے مُردہ زندہ کرنے کا ذکر نہیں آیا۔ آپ نے تو وہ اعجاز دکھائے ہیں کہ جن پر ہزارہا مسیحائی قربان ہیں:۔

۱۔ سرکار نے مُردوں کو زندہ فرمایا (حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے گھر پر دعوت کے موقع پر اُن کے بیٹوں کا زندہ فرمانا) ——— (نفحات الانس)

۲۔ زندہ مُردوں کو حیاتِ جاوداں بخشی (عرب و عجم جاہلیّت کا منہ بولتا ثبوت تھے) گویا زندگی ہوتے ہوئے بھی مُردہ تھے، شعور ہوتے ہوئے لاشعور تھے۔ آپ کی آمد نے گویا اُن میں نئی روح پھونک دی)

۳۔ جانوروں نے آپ سے کلام کیا۔ فریادیں کیں۔

۴۔ خشک لکڑی آپ کے فراق میں روئی۔

۵۔ پتھروں کنکروں تک نے آپ کی گواہی دی۔

۶۔ درخت طلب کرنے پر فوراً حاضر ہوئے۔

۷۔ چاند، سورج اور بادلوں نے حکم کی تعمیل کی۔

اِن تمام امور کے سینکڑوں ثبوت ہیں۔ جن کے لئے دفتر بھی ناکافی ہیں۔ پادری صاحب کا انکار کتنی بڑی جسارت ہے۔

Marfat.com

۲- ثانیاً

پادری صاحب اس سرکار کے مردہ زندہ کرنے کا انکار کرتے ہیں، جن کے متعدد غلاموں نے بھی مردہ زندہ کر دکھائے ہیں۔ جن کے غلام یہ کام کر دکھائیں، تو اس آقا کی معجزہ نمائی کا کون اندازہ کر سکتا ہے؟

چنانچہ حضور غوث پاک کی کرامات زبانِ زد ہیں۔ مثلاً بڑھیا کے بیٹے کی بارات کا ڈوبا بیڑا کئی سال بعد ترا دیا۔ تصور کیجئے پانی میں اور وہ بھی دریا کا پانی جہاں پانی کی تاثیر عام پانی سے قطعی مختلف ہوتی ہے۔

۳- ثالثاً

موسیٰ علیہ السلام کے زمانہ میں جادوگری کا زور تھا جس سے مقابلہ کرنے کے لئے انہیں عصاء اور ید بیضا کے معجزے ملے۔ عیسیٰ علیہ السلام کے زمانہ میں بنی اسرائیل کو علمِ طب میں ید طولیٰ حاصل تھا۔ لہٰذا انہیں مردہ زندہ کرنے اور اندھوں، کوڑھیوں کو ٹھیک کرنے کے معجزے ملے۔ علیٰ ہذا القیاس، نبیٔ کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانہ میں اہل عرب کو اپنی فصاحت و بلاغت پر بڑا ناز تھا۔ اور وہ غیر عرب کو عجمی یعنی گونگے کہا کرتے تھے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اسی لئے خاص طور پر قرآنِ کریم کا معجزہ ملا۔ جس کی فصاحت و بلاغت کے سامنے عرب کے مایۂ ناز فصحاء نے بھی گھٹنے ٹیک دیئے اور

مَا هٰذَا كَلَامُ الْبَشَرِ — یہ بشر کا کلام نہیں ہے

کے سوا کچھ نہ کہہ سکے۔ قرآن کریم نے پوری دنیا کو چیلنج کیا کہ

اِنْ كُنْتُمْ فِيْ رَيْبٍ مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا فَأْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّنْ مِّثْلِهٖ وَادْعُوْا شُهَدَآءَكُمْ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ (البقرہ: ۲۳)

اور اگر تم اس کتاب (قرآن کریم) کے متعلق شک میں ہو، جو ہم نے اپنے خاص بندے پر نازل کی ہے، تو اس جیسی ایک ایک سورۃ بنا کر لے آؤ، اور اللہ کے سوا اپنے سارے حمایت کرنے والوں کو بلا لو اگر تم سچے ہو۔

Marfat.com

پوری دُنیا شاہد ہے کہ آج تک کسی سے قرآن جیسی ایک چھوٹی سے چھوٹی سورۃ بھی نہ بن سکی۔ قرآنِ کریم نے دوسرا چیلنج کیا:۔

قُلْ لَّئِنِ اجْتَمَعَتِ الْاِنْسُ وَالْجِنُّ عَلٰٓى اَنْ يَّاْتُوْا بِمِثْلِ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لَا يَاْتُوْنَ بِمِثْلِهٖ وَلَوْ كَانَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ ظَهِيْرًا ۝	اے محبوب فرما دو! اگر تمام جنّات اور انسان اس بات پر تُل جائیں کہ قرآن جیسی کتاب بنانی ہے تو ہرگز نہ لاسکیں گے خواہ ایک دوسرے کی خوب مدد کرلیں۔

(بنی اسرائیل : ۸۸)

عیسیٰ علیہ السلام نے صرف چار مُردے زندہ کیئے جو فوراً مر گئے۔ لیکن قرآن کریم کا نرالا اعجاز دیکھیئے کہ چودہ صدیوں سے پوری دُنیا کو یہ حیاتِ جاوداں بخشتا اور اخلاقی، تمدنی معاشی، اقتصادی اور ہر قسم کی جسمانی و روحانی بیماریوں کا شافی و کافی علاج کر رہا ہے۔ یہ صرف نبیٔ کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کے ایک معجزہ کا ذکر کیا ہے۔ پادری صاحب اُن جملہ معجزات کا صرف اسی ایک سے موازنہ کر کے دیکھ لیں اور شرمائیں۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے معجزات پر چھٹے اعتراض کے تحت بحث کی جائے گی۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔

اعتراض نمبر ۵ ۔ حضرت عیسیٰ ڈیڑھ ہزار سال سے زندہ آسمان پر بیٹھے ہیں اور قُربِ قیامت مسلمانوں کی رہنمائی کے لئے نازل ہوں گے اور خلاف اس کے نبیٔ کریم فوت ہو کر زمین میں دفن ہیں؟

جواب ۔ نبیٔ کریم صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم نے اپنی قوم کو ہدایت کی طرف بلایا۔ تبلیغِ دین کے سلسلہ میں عمر بھر قسم قسم کی تکالیف اُٹھائیں۔ دشمنوں سے انفرادی اور اجتماعی مقابلے کیئے۔ حتّٰی کہ لاکھوں کو نہ صرف ہدایت نصیب ہوئی بلکہ ہادیٔ خلق بنا دیا۔ ہر قسم کی تکالیف کا عمر بھر مقابلہ کر کے، کامیاب ہو کر، اپنی قوم کے اندر آرام فرمانے والا افضل ہے یا پہلے ہی مقابلہ کو چھوڑ کر اپنی بدبخت قوم سے منہ موڑ کر، دور چلے جانے والا؟

Marfat.com

۲۔ ثانیاً ۔ نبیٔ کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم کو اُمّت سے غایت درجہ محبّت ہے۔ اسی لئے آپ نے اپنی اُمت کے اندر رہنا پسند فرمایا۔ قرآنِ کریم شاہد ہے :۔

لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ۝ (التوبہ : ۱۲۸)	بے شک تمھارے پاس تشریف لائے تم میں سے وہ رسول، جن پر تمھارا مشقت میں پڑنا گراں ہے۔ تمھاری بھلائی کے نہایت چاہنے والے۔ ایمان والوں پر بڑے شفیق اور مہربان۔

جو آقا اپنی اُمت سے اس درجہ محبّت رکھے، اس کی نرالی شانِ آقائی اور وصفِ ذرّہ نوازی کا کون مقابلہ کرسکتا ہے ؟

۳۔ ثالثاً ۔ بنی اسرائیل نے عیسیٰ علیہ السلام کی آواز پر کان نہ دھرے ہمیشہ مخالفت سے پیش آئے، یہاں تک کہ وہ قوم مسیح علیہ السلام کی نگاہوں سے گر گئی۔ جب آپ اُن لوگوں سے مایوس اور بیزار ہو گئے، تو باری تعالیٰ نے ایسی بدبخت قوم سے عرصۂ دراز تک کے لئے جدا کر دیئے۔ قرآنِ کریم میں یہ بھی ہے۔

لُعِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ عَلٰى لِسَانِ دَاوٗدَ وَعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ (۵ : ۷۸)	لعنت کئے گئے کافر بنی اسرائیل میں سے، داؤد اور عیسیٰ بن مریم کی زبان سے۔

جائے غور ہے کہ اپنی نافرمان اور بدبخت قوم پر لعنت کرنے والا افضل ہے، یا جو لاکھوں تکالیف اٹھائے، پتھر کھائے، وطن چھوڑے، لہولہان بھی ہو، دندانِ مبارک شہید کرائے، مگر لعنت یا بددعا کی بجائے باری تعالیٰ کی جناب میں یوں دشمنوں کی سفارش کرے۔

اَللّٰهُمَّ اهْدِ قَوْمِيْ فَاِنَّهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ (الحدیث)	یا اللہ! میری قوم کو ہدایت فرما کیونکہ یہ جانتے نہیں ہیں۔

Marfat.com

یہی نہیں بلکہ دشمنوں کو عذابِ الٰہی سے بچانے کے لئے یوں دُعائیں دینے والا۔

سے
الٰہی رحم فرما اہلِ طائف کے مکینوں پر
الٰہی پھول برسا پتھروں والی زمینوں پر

۴۔ رابعًا۔ باری تعالیٰ نے وعدہ فرمایا تھا:۔

وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَ اَنْتَ فِيْهِمْ۔ اور اللہ کا کام نہیں کہ انہیں عذاب دے، جب تک اے محبوب! تم اُن میں تشریف فرما ہو
(الانفال: ۳۳)

اس وعدۂ خداوندی کی وجہ سے ہمارے مہربان آقا نے اپنی اُمت کے درمیان ہی رہنا پسند فرمایا، تاکہ غلام تاقیامت عذاب سے محفوظ و مامون رہیں۔ اس شانِ رحمۃ للعالمینی کی نظیر کیا کسی دوسری جگہ بھی پوری کائنات میں ملتی ہے؟

۵۔ خامسًا۔ عیسیٰ علیہ السلام قوم بنی اسرائیل کی طرف نبی بنا کر بھیجے گئے۔

قرآنِ کریم میں ہے:۔
وَ رَسُوْلًا اِلٰى بَنِىْٓ اِسْرَآءِيْلَ اور رسول ہوگا بنی اسرائیل کی طرف۔
(آلِ عمران: ۴۹)

اور موجودہ انجیل میں عیسیٰ علیہ السلام کا فرمان یوں ہے:۔
"غیر قوموں کی طرف نہ جانا اور سامریوں کے کسی شہر میں داخل نہ ہونا، بلکہ اسرائیل کے گھرانے کی کھوئی ہوئی بھیڑوں کے پاس جانا۔" انجیل متی ۱۰: ۶،۷

لیکن نبئ کریم صلی اللہ علیہ وسلم پوری کائنات کے نبی ہیں۔ قرآن کریم میں ہے
تَبَارَكَ الَّذِىْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلٰى عَبْدِهٖ لِيَكُوْنَ لِلْعٰلَمِيْنَ نَذِيْرًا ۝ (الفرقان: ۱)
بڑی برکت والا ہے وہ جس نے قرآن اتارا اپنے بندے پر تاکہ وہ سارے جہان کو ڈر سنانے والا ہو۔

Marfat.com

اسی لئے نبیِ کریم صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم نے مناسب سمجھا کہ آخری قیام گاہ ایسی جگہ رکھی جائے، جہاں سے پوری کائنات فیض یاب ہوتی رہے۔ چونکہ آسمانی مخلوق زمین پر آسکتی ہے، لیکن انسانوں کا بغیر معجزہ کے آسمانوں پر جانا ناممکن ہے۔ اس لئے نبیِ کریم صلّی اللہ تعالیٰ علیہ السلام نے زمین پر آخری قیام گاہ پسند فرمائی کہ ارضی مخلوق یہاں فیض یاب ہوتی رہے گی، اور سماوی مخلوق آکر حاضری دے جایا کرے گی۔ یہی وجہ ہے کہ ہر روز ستّر ہزار فرشتے شام کو روضۂ انور کی زیارت کے لئے آتے ہیں اور صبح تک صلوٰۃ وسلام کے نذرانے پیش کرتے رہتے ہیں۔ پھر صبح کو ستّر ہزار دوسرے فرشتے آتے ہیں جو شام تک صلوٰۃ وسلام میں مصروف رہتے ہیں۔ یہ دور تا قیامت اسی طرح چلتا رہے گا اور جس فرشتے کی ایک دفعہ باری آجاتی ہے، پھر قیامت تک دوبارہ اس کی باری نہیں آئے گی۔

۶۔ **سادساً** ۔ اگر پادری صاحب کا مقصد آسمانوں کی بلندی سے عیسیٰ علیہ السلام کی افضلیّت ہے تو یہ غلط نظریہ ہے، کیونکہ انبیاء کرام کی تو اتنی بلند اور بالاشان ہوتی ہے کہ کائنات کی جس چیز کو اُن سے نسبت ہوجائے، تو وہ عظیم الشان ہوجاتی ہے۔ یہ نہیں کہ زمین و آسمان یا کسی دوسری چیز کی وجہ سے اُن حضرات کی شان میں اضافہ ہوتا ہے۔ ؎

ہر اک مکان کو ہے مکیں سے شرف اسدؔ
مجنوں جو مر گیا ہے تو جنگل اداس ہے

۷۔ **سابعاً** ۔ اگر پادری صاحب اب بھی یہی کہیں کہ ایک کو اونچی جگہ بٹھایا جائے، دوسرے کو نیچی جگہ، اِس سے اُن کے مراتب کا فرق نظر آتا ہے، تو پادری صاحب بتائیں کہ لاتعداد نوری مخلوق (فرشتے) آسمانوں پر ہیں، اُن کے متعلق کیا خیال ہے؟ نیز ادریس علیہ السلام زندہ آسمانوں پر موجود ہیں، وہ اُن کی افضلیّت کیوں ثابت نہیں کرتے۔

Marfat.com

۸۔ **ثامناً** ۔ انسان کا اصلی وطن زمین ہے۔ نبیٔ کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنے وطن زمین میں تشریف فرما ہیں۔ عیسیٰ علیہ السلام آسمانوں پر، یعنی پردیس میں ہیں۔ وطن میں رکھنا خداوندِ کریم جلّ مجدہٗ کا انعام ہے۔

۹۔ **تاسعاً** ۔ پھر آسمانوں کی رفعت کا مول تو دیکھئے ۔

(i) موتی ہمیشہ سمندر کی تہہ میں پائے جاتے ہیں، اوپر سطح پر نہیں ہوتے۔ پوری کائنات میں نبیٔ کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم گوہر یکتا ہیں۔

(ii) ترازو کا بھاری پلڑا ہمیشہ نیچے کو جھکتا ہے، اونچا اٹھنے والا پلڑا بھاری نہیں ہوتا

(iii) جو پھل زمین میں یا اُس کے نزدیک لگیں، وہ بھاری ہوتے ہیں، جو اونچائی پر لگتے ہیں وہ نسبتاً وزن میں بہت کم ہوتے ہیں۔

(iv) شمع کا شعلہ ہمیشہ اوپر کو اٹھتا ہے، لیکن جس کے بل بوتے پر وہ اُٹھتا ہے وہ تیل ہمیشہ نیچے ہوتا ہے۔ اگر تیل نہ ہو، تو اوپر اٹھنا کیسا، بلکہ شعلہ کا وجود ہی نہیں رہتا،

یہ رفعتیں اور کارخانہ ہستی کی چہل پہل اسی مدنی تاجدار کے دم قدم سے ہے۔

لولاک لما خلقت الافلاک ۔ اگر تم نہ ہوتے تو آسمانوں کو کیوں بنایا جاتا۔ (الحدیث)

ے
وہ جو نہ تھے تو کچھ نہ تھا، وہ جو نہ ہوں تو کچھ نہ ہو
جان ہیں وہ جہان کی، جان ہے تو جہان ہے

۱۰۔ **عاشراً** ۔ "مسلمانوں کی رہنمائی کے لئے نازل ہوں گے"۔ پادری صاحب نے نرالا ہی جھوٹ بولا ہے۔ گویا بنی اسرائیل تو ہدایت یافتہ ہوگئے تھے اور مسلمان ہدایت سے محروم ہیں۔ حالانکہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام تو دجّال کو قتل کرنے اور یہود ونصاریٰ کو دوبارہ ہدایت کرنے کے لئے نازل ہوں گے، اور انہیں مسلمان بنا کر، شریعتِ محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام

Marfat.com

پر عمل کرنے کا حکم دیں گے اور خود بھی اس پر عمل کریں گے۔

اِنۡ مِّنۡ اَهۡلِ الۡكِتٰبِ اِلَّا لَیُؤۡمِنَنَّ بِهٖ قَبۡلَ مَوۡتِهٖ (النساء : ۱۵۹)

اور اہلِ کتاب سے کوئی ایسا نہیں جو اُس (حضرت عیسیٰ) کی موت سے پہلے اُس پر ایمان نہ لے آئے۔

سے صاف ظاہر ہے کہ اہلِ کتاب یعنی یہود و نصاریٰ ایمان سے محروم ہیں، نہ کہ اہلِ قرآن۔

اعتراض نمبر ۶۔ قرآنِ کریم میں حضرت عیسیٰ کے معجزے بیان کئے ہیں لیکن نبئ کریم کا قرآن میں کوئی معجزہ بیان نہیں کیا گیا ؟

جواب۔ بے شک قرآنِ کریم نے عیسیٰ علیہ السلام اور بعض دیگر انبیاء کرام علیہم السلام کے معجزات بیان فرمائے ہیں لیکن پادری صاحب نے یہ سفید جھوٹ بولا ہے کہ نبئ کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا قرآنِ کریم نے کوئی معجزہ بیان نہیں کیا۔

قرآنِ پاک میں مذکور نبی پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے معجزات

۱۔ (ا) سب سے بڑا معجزہ تو خود قرآنِ کریم ہے، جو اپنی فصاحت و بلاغت کے لحاظ سے معجزہ

(ب) جس کی سینکڑوں پیش گوئیاں اپنی اپنی جگہ پر معجزہ

(ج) اس کا بغیر معمولی سے بھی ردّ و بدل کے تا قیامت محفوظ رہنا۔

(د) اور ہر علم و فن کا منبع ہونے کے لحاظ سے معجزہ،

غرض کہ ہزاروں معجزوں سے بڑھ کر یہی اکیلا معجزہ ہے۔

۲۔ معراج و اسریٰ۔ یہ وہ معجزہ ہے جو جملہ انبیاء کرام میں سے کسی کو بھی

Marfat.com

نصیب نہ ہوا کہ رات کے وقت نبیٔ کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم کو خانہ کعبہ سے بیت المقدس اور وہاں سے عالمِ بالا کی ایک تھوڑے سے وقت میں سیر کرائی گئی۔ قرآنِ کریم میں ہے:۔

سُبْحَانَ الَّذِیْ اَسْرٰی بِعَبْدِہٖ لَیْلاً مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَی الْمَسْجِدِ الْاَقْصٰی
(بنی اسرائیل : ۱)

پاک ہے وہ، جو لے گیا اپنے بندے کو راتوں رات مسجدِ حرام (خانہ کعبہ) سے مسجدِ اقصٰی (بیت المقدس) تک۔

دوسری جگہ ہے:۔

لَقَدْ رَاٰی مِنْ اٰیٰتِ رَبِّہِ الْکُبْرٰی ۝ (النجم : ۱۸)

بے شک اُس نے اپنے رب کی بہت بڑی نشانیاں دیکھیں۔

۳۔ دیدارِ الٰہی:۔

جو آپ کے سوا کسی نبی کو نصیب نہ ہوا، جس کی کیفیت:۔

مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغٰی
(النجم : ۱۷)

آنکھ نہ کسی طرف پھری نہ حد سے بڑھی۔

نے بیان فرمائی:۔

۴۔ شق القمر:۔

قرآنِ کریم میں ہے:۔

اِقْتَرَبَتِ السَّاعَۃُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ ۝
(القمر : ۱)

قیامت نزدیک آگئی اور چاند شق ہو گیا۔

یہ وہ معجزہ ہے جس کی تصدیق دُنیا کی تمام تاریخیں کرتی ہیں کہ قریشِ مکہ کے مطالبہ پر نبیٔ کریم صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم نے چاند کے دو ٹکڑے فرمائے تھے۔

۵۔ تحفۂ کوثر:۔

اِنَّآ اَعْطَیْنٰکَ الْکَوْثَرَ ۝ (الکوثر : ۱)

اے محبوب! بے شک ہم نے تمھیں بے شمار خوبیاں عطا فرمائیں۔

Marfat.com

نبئ کریم صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم کو باری تعالیٰ نے حوضِ کوثر، اُمتِ کثیرہ، خیرِ کثیر عطا فرمائی۔ یہ اکرام بھی صرف آپ پر ہوا۔

۶۔ انشراحِ صدر

۔ یعنی باری تعالیٰ نے اپنے اسرار و رموز سے لبریز کرنے کے لئے اپنے محبوب کا سینہ وسیع فرمایا۔ قرآنِ کریم میں ہے:

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ — کیا ہم نے تمہارے لئے تمہارا سینہ کشادہ نہیں کر دیا؟

(الم نشرح : ۱)

۷۔ رفعتِ ذکر۔

وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ۝ — اور ہم نے تمہارے لئے تمہارا ذکر بلند کر دیا۔

(الم نشرح : ۴)

یعنی نبئ کریم صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم کے ذکرِ پاک کو باری تعالیٰ نے بلند کر دیا کہ آسمان پر اُن کا چرچا اور زمین پر بھی، دوستوں میں اِن کا چرچا اور دشمنوں میں بھی، جنت اور عالمِ ارواح میں اُن کا تذکرہ عین عبادت یعنی نماز، اذان اور اقامت وغیرہ میں اُن کا ذکر اپنے ذکر کے ساتھ شامل فرمایا۔ نیز آپ کا اسمِ گرامی "محمد" اور "احمد" رکھا کہ سب دوست اور دشمن آپ کو "تعریف کیا گیا" اور "باری تعالیٰ کی سب سے زیادہ حمد کرنے والا" کہتے ہیں۔ صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وبارک وسلّم۔

۸۔ امدادِ ملائکہ

۔ باری تعالیٰ نے غزوۂ بدر اور حنین کے مواقع پر ملائکہ کی جماعتوں کے ذریعے مسلمانوں کی امداد فرمائی، قرآنِ کریم میں ہے:۔

يُمْدِدْكُمْ رَبُّكُمْ بِخَمْسَةِ آلَافٍ مِّنَ الْمَلَائِكَةِ مُسَوِّمِيْنَ ۝ — مدد کرے گا تمہارا رب تمہاری پانچ ہزار نشان والے فرشتوں کے ساتھ

(آلِ عمران : ۱۲۵)

Marfat.com

غرض کہ قرآنِ کریم میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے کتنے ہی معجزات کا ذکر موجود ہے۔

۲۔ **ثانیاً** - علاوہ بریں، جائے غور ہے کہ دیگر انبیاء کرام کو باری تعالیٰ نے جتنے جتنے مناسب سمجھے، معجزات عنایت فرمائے، لیکن سرورِ کون ومکاں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو سراپا معجزہ بنا دیا تھا۔ قرآنِ کریم میں ہے۔

یٰاَیُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمْ	اے لوگو! بیشک تمہارے پاس واضح دلیل
بُرْهَانٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَ اَنْزَلْنَاۤ	آگئی تمہارے رب کی طرف سے اور ہم
اِلَیْكُمْ نُوْرًا مُّبِیْنًا ۝	نے تمہاری طرف روشن نور اُتارا۔

(النساء : ۱۷۴)

اس اعلان کی موجودگی میں اگر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے معجزات کا ذکر نہ بھی ہوتا، تب بھی آپ کی شان سب میں بالا رہتی کہ دوسروں کو گنتی کے معجزات ملے اور آپ کو معجزہ نما بنا دیا گیا۔

۳۔ **ثالثاً** - جب قرآنِ کریم نے یہ اعلان کر دیا کہ نبیٔ کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سراپا معجزہ ہیں تو پھر حضور کے معجزات کی قرآنِ کریم سے تفصیل طلب کرنا کیا معنی؟ آپ کے معجزات کی تفصیل تو اُن حضرات سے معلوم کرنی چاہیئے، جنہوں نے حضور کے معجزات کا مشاہدہ فرمایا تھا۔ حضرت امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے چھ لاکھ تک گنائے ہیں۔ اور یہ بھی حد نہیں، بلکہ یہ وہ معجزات ہیں جو ان کے علم و شمار میں آئے۔ سرکار کے معجزات تو حد و شمار سے باہر ہیں۔ کیونکہ آپ کا ہر فعل معجزہ تھا۔

۴۔ **رابعاً** - نبیٔ کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نہ صرف زمین پر، بلکہ آسمان پر بھی معجزات دکھائے مثلاً:-

(i) چاند کے دو ٹکڑے کرنا

(ii) سورج کو واپس لوٹانا

Marfat.com

(iii) بادلوں کو برسنے کا اشارہ کرنا

(iv) بادلوں کو برسنے سے روک دینا

(v) ابر کا دھوپ کے وقت آپ پر سایہ کرنا

(vi) ایک پل میں مکان و لامکاں کی سیر کرنا

(vii) جنت میں سیر کرتے ہوئے بلال رضی اللہ عنہ کی جوتیوں کی آواز سن لینا۔

(viii) جبرئیل کو سدرۃ المنتہیٰ سے آتے اور وہاں جاتے دیکھنا

(ix) لوحِ محفوظ کا پیشِ نظر رہنا

(x) بلکہ والدہ ماجدہ کے شکمِ انور میں ہوتے ہوئے لوحِ محفوظ پر قلم کے چلنے کی آواز کو سننا وغیرہ۔

۵۔ خامسًا

۔ جن معجزات کا عام مشاہدہ کیا گیا وہ حد و شمار سے باہر ہیں۔

مثلاً (۱) انگلیوں سے پانی کے چشمے جاری فرمانا۔

(۲) پتھروں اور کنکریوں سے کلمہ پڑھوانا۔

(۳) درختوں کا بلانے پر حاضر ہونا۔

(۴) جانوروں کا اُس سرکار میں آکر فریادی ہونا اور سجدے کرنا۔

(۵) جنات کا آپ پر ایمان لانا اور قرآنِ کریم کی تعلیم حاصل کرنا۔

(۶) اندھیرے اجالے میں آپ کا یکساں دیکھنا۔

(۷) آگے پیچھے اور دُور و نزدیک سے یکساں دیکھنا۔

(۸) آپ کے پسینے کا عطر سے زیادہ خوشبودار ہونا۔

(۹) جسمِ اطہر پر مکھی کا نہ بیٹھنا

(۱۰) پرندوں کا اوپر سے نہ گزرنا

(۱۱) جس راستہ سے آپ گزرتے، تین دن تک اُس راہ کا خوشبودار رہنا۔

(۱۲) جسمِ اطہر کا سایہ نہ ہونا۔

Marfat.com

(۱۳) زمین پر بیٹھ کر مشرق و مغرب، عرش و فرش اور ماضی و مستقبل کی ہزاروں خبریں دینا۔
(۱۴) اُستنِ حنّانہ کا آپ کے فراق میں رونا۔
(۱۵) کھاری پانی کو میٹھا بنا دینا۔
(۱۶) ٹوٹی ہڈیاں جوڑنا۔
(۱۷) اندھوں کوڑھیوں اور بیماروں کو ٹھیک کر دینا۔
(۱۸) تنکوں کا تیر اور تلوار بنا دینا۔
(۱۹) حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دونوں بچوں اور ان کی بکری کا زندہ کر دینا۔
(۲۰) تین سیر آٹے کی روٹیوں اور ایک بکرے کے گوشت سے پورے لشکر کو سیر کر دینا۔
(۲۱) ایک دودھ کے پیالے سے ستّر اصحاب کو سیر کر دینا۔

غرض کہ بے شمار معجزے مشاہدہ میں آئے ہیں (بخاری شریف، مسلم شریف دیگر کتب صحاح اور مشکوٰۃ شریف)

۶۔ **سادسًا**۔ نبیٔ کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم نے مردے بھی زندہ کئے اور اندھوں اور کوڑھیوں کو بھی تندرست کیا، ایسے ایک دو نہیں متعدد واقعات موجود ہیں۔ جن کا یہ مضمون متحمل نہیں۔ (دیکھئے شفاء، طبرانی، مواہبِ لدنیہ، بیہقی، خصائص کبریٰ وغیرہ)

۷۔ **سابعًا**۔ نبیٔ کریم صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم سے جب بھی کسی نے کوئی معجزہ طلب کیا، آپ نے یہ نہیں فرمایا کہ میں تو صرف فلاں معجزہ لے کر آیا ہوں، بلکہ سائل کو کھلی اجازت دیتے کہ بتا کیا معجزہ دیکھنا چاہتا ہے؟ جو کچھ وہ چاہتا آپ وہی دکھاتے۔ سائل کو کھلی اجازت وہی دے سکتا ہے جو سراپا معجزہ نما ہو، اور ہر قسم کے معجزے دکھا سکتا ہو۔ سوچئے تو سہی! کہ کہاں دو چار معجزوں والے انبیاء کی شان اور کہاں معجزہ نما پیغمبر کا مرتبہ!

Marfat.com

اعتراض نمبر ۷

:- قرآن سے ثابت ہے کہ حضرت عیسیٰ نے پرند
بنائے برخلاف اِس کے محمد رسول اللہ نے کوئی پرندہ نہیں بنایا ؟

جواب

:- نبیٔ کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم کی بعثت کے وقت اہلِ عر
اخلاقی اور تمدّنی لحاظ سے جانوروں سے بھی بدتر تھے۔ آپ نے وہ اعجاز دکھائے
کہ اُن انسان نما حیوانوں کو جو تہذیب و تمدّن کے نام سے بھی ناآشنا تھے، تہذیب و تمد
کا عَلم بردار بنا دیا۔ مُردہ دِلوں کو حیاتِ جاوداں بخش دی۔ انہیں نہ صرف انسان، بلکہ انس
گر بنا دیا۔ انسان بھی اس درجہ کے بنائے جن کا نام سُن سن کر قیصر و کسریٰ پر لرزہ طاری
ہو جایا کرتا تھا۔ انہوں نے انسانیت کی دشمن سلطنتوں کو تہ و بالا کر کے رکھ دیا۔ فاروقِ
رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کا دورِ خلافت اور صلیبی جنگوں کے حالات پادری صاحب کو خوب
یاد ہوں گے۔ یہ بڑا کمال ہے یا پرندہ بنا کر اُڑا دینا ؟

۲- ثانیاً

:- نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلّم نے بدوؤں تک کو انسان اور
معلّمِ انسانیت بنا دیا۔ جس کا یہ اثر ہوا کہ آج دُنیا میں کروڑوں کی تعداد میں مسلمان
موجود ہیں، کوئی ملک ایسا نہیں جس میں مسلمان نہ ہوں ـــــ لیکن بتایئے تو سہی !
آج پرندے بنانے کا اثر موجود ہے ؟ عیسائی خواہ کروڑوں ہیں۔ مگر اُن میں عیسیٰ علیہ السلام
کا پیروکار تو ایک بھی نہیں ـــ

اعتراض نمبر ۸

:- مسیح علیہ السلام کو کلمۃ اللہ کہا گیا ہے۔ جب کہ
رسولِ کریم کو ایسا نہیں کہا گیا۔

جواب

:- حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی پیدائش دوسرے انسانوں کے طریقہ

Marfat.com

مطابق نہیں ہوئی، بلکہ انہیں باری تعالیٰ نے بغیر باپ کے پیدا فرمایا۔ چونکہ اُن کی
ائش ایک کلمہ کے ذریعے ہوئی تھی۔ جسے جبرئیل علیہ السلام نے آکر ادا فرمایا تھا،
وجہ سے قرآنِ کریم میں انہیں "کَلِمَتُہٗ" کہا گیا ہے۔ یہ ایک جزوی فضیلت
ے اور جزوی فضیلت سے کُلّی فضیلت تو ثابت نہیں ہو سکتی۔ نیز جبرئیل علیہ السلام
ے کلمہ ادا کرنے سے جس کی پیدائش ہو، وہ افضل ہے، یا جن چیزوں کی پیدائش، باری
الیٰ کے "کُنْ" فرمانے سے ہو وہ افضل ہوں گی؟ کیا پادری صاحب اس کُلّیہ
ے تحت چاند، سورج اور زمین و آسمان کو ساری کائنات سے افضل مان لیں گے؟

۲۔ **ثانیاً** ۔ اگر عیسیٰ علیہ السلام کو اس لئے افضل کہا جائے کہ اُن کی پیدائش
ر باپ کے ہوئی۔ تو یوں بھی بات نہیں بنے گی، پھر تو آدم علیہ السلام سب میں افضل قرار
پائیں گے، جو دونوں یعنی بغیر ماں باپ کے پیدا ہوئے۔ جب ایسی تخلیق کی بناء پر آدم
علیہ السلام کو افضلیت حاصل نہیں، تو عیسیٰ علیہ السلام کو بھی نہیں

۳۔ **ثالثاً** ۔ عیسیٰ علیہ السلام کے لئے "کلمہ" کا لفظ استعمال کیا ہے
ملاحظہ ہو کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو کن کن خطابات سے نوازا گیا۔

(۱) لَآ اُقْسِمُ بِهٰذَا الْبَلَدِ ۝ وَ اَنْتَ حِلٌّۢ بِهٰذَا الْبَلَدِ ۝ وَ وَالِدٍ وَّ مَا وَلَدَ ۝

مجھے اس شہر کی قسم کہ اے محبوب! تم اس شہر میں تشریف فرما ہو اور تمہارے باپ ابراہیم کی قسم اور اس کی اولاد کی کہ تم ہو۔

پادری صاحب کو غور کرنا چاہیئے کہ جس سرکار کی خاکِ پاء (شہر) کی باری تعالیٰ قسم کھائے
ان سے وہ عیسیٰ علیہ السلام کو کس طرح افضل ثابت کر سکتے ہیں۔ جن کی جان کی بھی باری تعالیٰ
نے کسی آسمانی کتاب میں قسم نہیں کھائی۔

(۲) وَ الْعَصْرِ ۝ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِیْ خُسْرٍ ۝ (العصر ۱،۲)

اس زمانۂ محبوب کی قسم، بے شک انسان ضرور نقصان میں ہے۔

Marfat.com

(۳) وَالضُّحٰى ○ وَاللَّيْلِ إِذَا سَجٰى ○ (الضحٰی : ۱،۲)

چاشت کی قسم اور رات کی، جب وہ پردہ ڈالے۔

(۴) لَعَمْرُكَ إِنَّهُمْ لَفِيْ سَكْرَتِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ○ (الحجر : ۷۲)

اے محبوب! تمہاری جان کی قسم، بے شک وہ اپنے نشہ میں بھٹک رہے ہیں۔

(۵) وَقِيْلِهٖ يٰرَبِّ إِنَّ هٰٓؤُلَآءِ قَوْمٌ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ○

مجھے رسول کے اس کہنے کی قسم کہ اے رب بے شک یہ لوگ ایمان نہیں لاتے۔

جس کی یوں قسمیں کھائی جا رہی ہیں، کیا اُس تاجدار سے بڑھ کر کوئی باری تعالیٰ کا پیارا ہو سکتا ہے؟ ہرگز نہیں!

۴- رابعاً

مزید جلوے دیکھئے! باری تعالیٰ نے عیسیٰ علیہ السّلام کو یوں مخاطب کیا

(۱) يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ ءَأَنْتَ قُلْتَ لِلنَّاسِ اتَّخِذُوْنِيْ وَأُمِّيَ إِلٰهَيْنِ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ط (المائدہ : ۱۱۶)

اور جب اللہ فرمائے گا کہ اے مریم کے بیٹے عیسیٰ! کیا تو نے لوگوں سے کہا تھا کہ مجھے اور میری ماں کو دو خدا بنالو اللہ کے سوا۔

(۲) وَإِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسٰٓى إِنِّيْ مُتَوَفِّيْكَ وَرَافِعُكَ إِلَيَّ وَمُطَهِّرُكَ مِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا (آلِ عمران : ۵۵)

اور یاد کرو کہ جب اللہ نے فرمایا کہ اے عیسیٰ! میں تجھے وفات دوں گا اور تجھے اپنی طرف اٹھاؤں گا اور کافروں سے تجھے پاک کروں گا۔

یعنی دونوں دفعہ عیسیٰ علیہ السلام کو باری تعالیٰ نے اُن کا نام لے کر مخاطب کیا۔ یوں ہی دوسرے انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کو۔ مثلاً

(۳) يٰٓاٰدَمُ اسْكُنْ أَنْتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ (البقرہ : ۳۵)

اے آدم! تو اور تیری بیوی اس جنت میں رہو۔

Marfat.com

(۴) يَا نُوحُ اهْبِطْ بِسَلَامٍ مِّنَّا (هود : ۴۸) — اے نوح! کشتی سے اُتر ہماری طرف سے سلام کے ساتھ۔

(۵) يَا إِبْرَاهِيمُ قَدْ صَدَّقْتَ الرُّؤْيَا (والصّٰفّٰت) — اے ابراہیم! بے شک تو نے خواب سچا کر دکھایا۔

(۶) يَا يَحْيَىٰ خُذِ الْكِتَابَ بِقُوَّةٍ (مریم : ۱۲) — اے یحییٰ! کتاب کو مضبوطی سے تھام۔

(۷) وَمَا تِلْكَ بِيَمِينِكَ يَا مُوسَىٰ (طٰہٰ : ۱۷) — اور یہ تیرے داہنے ہاتھ میں کیا ہے، اے موسیٰ!

لیکن جب نبیٔ کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم کو مخاطب کرنے کی باری آئی تو باری تعالیٰ نے انداز ہی بدل دیا۔ مخاطبہ کا زاویہ ہی تبدیل کر دیا۔ مثلاً

(۸) يَا أَيُّهَا الرَّسُولُ بَلِّغْ مَا أُنْزِلَ إِلَيْكَ (المائدہ : ۶۷) — اے رسول! پہنچا دو جو کچھ اتارا تمہیں تمہارے رب کی طرف سے۔

(۹) يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنَافِقِينَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ (التوبہ : ۷۳) — اے نبی! جہاد فرماؤ کافروں اور منافقوں پر اور اُن پر سختی کرو

(۱۰) يَا أَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ ۝ قُمِ اللَّيْلَ إِلَّا قَلِيلًا ۝ (المزمل : ۱، ۲) — اے کملی اوڑھنے والے محبوب! رات کو قیام کرو سوائے تھوڑی رات کے۔

(۱۱) يَا أَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ ۝ قُمْ فَأَنْذِرْ ۝ (المدثر : ۱، ۲) — اے چادر اوڑھنے والے محبوب! کھڑے ہو جاؤ اور لوگوں کو ڈر سناؤ۔

(۱۲) يٰسٓ ۝ وَالْقُرْآنِ الْحَكِيمِ ۝ إِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِينَ ۝ (یٰسٓ : ۱ تا ۳) — یٰسٓ۔ قسم ہے حکمت والے قرآن کی۔ تم ضرور رسولوں میں سے ہو

Marfat.com

پورا قرآن کریم پڑھ جائیے، لیکن ایک جگہ بھی ایسی نہیں ملے گی جہاں باری تعالیٰ نے سرورِ کون و مکاں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم کو نام لے کر مخاطب کیا ہو۔ حالانکہ باقی جملہ انبیاء کرام کو نام لے کر مخاطب کیا گیا ہے۔ جس کا خود باری تعالیٰ اتنا لحاظ فرمائے۔ اُس تاجدار سے افضل کون ہو سکتا ہے؟

۵۔ خامساً

حواریوں کا عیسیٰ علیہ السلام سے ایک مخاطبہ قرآنِ کریم نے یوں نقل فرمایا ہے:۔

وَ اِذْ قَالَ الْحَوَارِيُّوْنَ يَا عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ هَلْ يَسْتَطِيْعُ رَبُّكَ اَنْ يُّنَزِّلَ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ ط (المائدہ: ۱۱۲)

اور جب کہا حواریوں نے، اے عیسیٰ ابنِ مریم! کیا آپ کا رب ہم پر آسمان سے کھانے نازل کر سکتا ہے؟

یعنی انہوں نے اپنے نبی کو نام لیکر مخاطب کیا۔ یہ اُسی صورت میں ہو سکتا ہے کہ باری تعالیٰ کی طرف سے اس بات کی ممانعت نہ ہو گی۔ اُسی طرح دوسری اُمتوں نے بھی اپنے نبیّوں کو نام لے کر مخاطب کیا۔ مثلاً

(۲) وَ اِذْ قُلْتُمْ يَا مُوْسٰى لَنْ نَّصْبِرَ عَلٰى طَعَامٍ وَّاحِدٍ (البقرہ: ۶۱)

جب تم نے کہا کہ اے موسیٰ! ہم ایک کھانے پر صبر نہیں کر سکتے۔

(۳) وَ اِذْ قُلْتُمْ يَا مُوْسٰى لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ حَتّٰى نَرَى اللّٰهَ جَهْرَةً (البقرہ: ۵۵)

اور جب تم نے کہا کہ اے موسیٰ ہم آپ کا ہرگز یقین نہیں کریں گے، جب تک خدا کو علانیہ نہ دیکھ لیں۔

اس کے برعکس نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم کو نام لے کر مخاطب کرنے اور آپ کے لئے عام اور ہلکے الفاظ استعمال کرنے سے باری تعالیٰ نے روک دیا۔

(۴) لَا تَجْعَلُوْا دُعَآءَ الرَّسُوْلِ

رسول کے پکارنے کو آپس میں ایسا نہ

Marfat.com

بَیۡنَکُمۡ کَدُعَآءِ بَعۡضِکُمۡ بَعۡضًا ؕ نہ ٹھہرا لو جیسے تم ایک دوسرے کو پکارتے ہو۔ (النور : ۶۳)

(۵) موجودہ انجیل کے اندر ہے "اُس (عیسیٰ علیہ السلام) نے اُن (حواریوں) سے پوچھا، لیکن تم مجھے کیا کہتے ہو؟ پطرس نے جواب میں کہا "تو مسیح ہے"
(انجیل مرقس ۸ : ۲۹)

صاف ظاہر ہوا کہ جس کا باری تعالیٰ سب سے زیادہ ادب کر رہا ہے، وہی ساری کائنات سے افضل ہے۔ والحمد ﷲ علےٰ ذلك

اعتراض نمبر ۹ ۔ اللہ تعالیٰ تمام نبیوں کو استغفار کا حکم دیتا ہے، سوائے مسیح علیہ السلام کے؟

جواب :- تمام انبیاء کرام علیہم السلام معصوم ہیں۔ باری تعالیٰ نے انہیں گناہوں سے پاک رکھا، کیونکہ اُنہیں گناہ گاروں کی ہدایت کے لئے بھیجا جاتا تھا۔ جو خود گناہ گار ہو، وہ دوسروں کی کبھی بھی پوری طرح اصلاح نہیں کر سکتا۔ جب انبیاء کرام نے کوئی گناہ ہی نہیں کیا، تو پھر اُن کا استغفار کرنا کیسا؟

۲۔ **ثانیاً** ۔ اللہ تبارک وتعالیٰ انبیاء کرام کو جس استغفار کا حکم دیتا ہے اُس سے مُراد اُمت کے گناہ گاروں کی سفارش ہے، اور اس سفارش کے لئے جتنی جس نبی کو زیادہ اجازت ملے، اُتنا ہی انعامِ خداوندی ہے۔ جس نبی کو استغفار کرنے کی اجازت نہ ملی تو یہ اُس نبی کی اُمت کے شدید بد بخت ہونے کی دلیل ہے۔ پادری صاحب اگر عیسیٰ علیہ السلام کو استغفار کی اجازت نہیں ملی تو ہم کیا کریں؟ تختۂ دار پر بھی تو آپ حضرات نے ہی عیسیٰ علیہ السلام کو چڑھایا تھا۔ پھر رونا کیسا؟

۳۔ **ثالثاً** ۔ عیسیٰ علیہ السلام کو واقعی اپنی اُمت کے لئے استغفار کرنے کی

Marfat.com

اجازت نہ ملی۔ کیونکہ بنی اسرائیل نے جو کچھ عیسیٰ علیہ السلام کے ساتھ کیا، اور انجیل مقدس کی گت بنائی وہ ساری دُنیا پر روشن ہے۔ یہی وجہ ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام کو سفارش کرنے کی بجائے بنی اسرائیل کے کفّار پر لعنت کرنے کا حکم دیا گیا تھا۔ قرآن کریم میں ہے،

لُعِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ عَلٰى لِسَانِ دَاوٗدَ وَعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ ؕ	لعنت کئے گئے ہیں وہ جنھوں نے کفر کیا بنی اسرائیل میں سے داؤد اور عیسیٰ بن مریم کی زبان سے۔

(المائدہ : ۷۸)

اس کے باوجود پادری صاحب اپنی بدبختی کو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی افضلیت کا ثبوت ٹھہراتے ہیں۔

۴۔ رابعاً۔ عیسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم میں سے بارہ[۱۲] آدمیوں کو اپنا ساتھی بنا لیا۔ جنھیں قرآنی اصطلاح میں "حواری" کہتے ہیں۔ پطرس اور یہودا اسکریوتی بھی انھی بارہ[۱۲] میں سے تھے۔ اب موجودہ انجیل کی سُنیئے ! :۔

۱۔ "پطرس نے جواب میں اُن سے کہا، گو سب تیری بابت ٹھوکر کھائیں، لیکن میں کبھی ٹھوکر نہ کھاؤں گا ٥ یسوع نے اُس سے کہا میں تجھ سے سچ کہتا ہوں کہ اسی وقت مرغ کے بانگ دینے سے پہلے تو تین[۳] بار میرا انکار کرے گا"

(انجیل متی ۲۶ : ۳۳، ۳۴ - انجیل مرقس ۳۸ ۳ - ایل لوقا ۲۲ : ۳۴)

۲۔ مگر اُس (عیسیٰ علیہ السلام) نے مُڑ کر اپنے شاگردوں پر نگاہ کر کے پطرس کو ملامت کی اور کہا، اے شیطان ! میرے سامنے سے دُور ہو، کیونکہ تو خُدا کی باتوں کا نہیں بلکہ آدمیوں کی باتوں کا خیال رکھتا ہے۔ (انجیل مرقس ۹ : ۳۳)

۳۔ اُس وقت ان بارہ میں سے ایک نے، جس کا نام یہوداہ اسکریوتی تھا، سردار کاہنوں کے پاس جا کر کہا کہ ٥ اگر میں اُسے (عیسیٰ علیہ السلام کو) تمہارے حوالے کر دوں تو مجھے کیا دو گے ؟ انھوں نے اُسے تیس[۳۰] روپے تول کر دے دیئے ٥

Marfat.com

اور اس وقت سے اُسے پکڑوانے کا موقع ڈھونڈنے لگا ○

(انجیل متی ۲۶ : ۱۴ تا ۱۶ ، انجیل مرقس ۱۴ : ۱۰ ، ۱۱)

۴۔ پھر وہ گیارہ[۱۱] کو بھی جب وہ کھانا کھانے بیٹھے تھے دکھائی دیا ، اور اُس (عیسیٰ علیہ السلام) نے اُن (حواریوں) کی بے اعتقادی اور سخت دلی پر اُن کو ملامت کی ، کیونکہ جنھوں نے اُس کے جی اُٹھنے کے بعد اُسے دیکھا تھا ۔ اُنہوں نے اُس کا یقین نہ کیا تھا ۔ (مرقس انجیل ۱۶ : ۱۴)

قارئین کرام ! غور تو فرمایئں کہ بنی اسرائیل نے اُن کی ہدایت کو قبول نہ کیا ، بلکہ سُولی پر چڑھانے لگے ، بلکہ بقول موجودہ انجیل سُولی پر چڑھا دیا ۔ رہے بارہ[۱۲] شاگرد ، یہوداہ اسکریوتی خود آپ کو گرفتار کرانے والا ، اور راشی ہوا ۔ باقی گیارہ[۱۱] کو بقول انجیل ، عیسیٰ علیہ السلام نے شیطان ، دُنیا دار ، خدا کا نافرمان ، بے اعتقاد ، سخت دِل ، قابلِ ملامت اور منکر کہا ۔ تو بتایئے عیسیٰ علیہ السلام استغفار کس کے لیئے کرتے ؟ اُن کی اُمّت میں رہ کون گیا تھا ؟

ے اُلجھا ہے پاؤں یار کا زلف دراز میں
لو خود ہی اپنے جال میں صیاد آ گیا

اعتراض نمبر ۱ :۔ قرآن کریم میں مسیح علیہ السلام کے متعلق لکھا ہے کہ عِلم غیب جانتے تھے ۔ لیکن رسولِ کریم کے متعلق عِلم غیب سے لاعلمی ہی قرآنِ کریم میں ذکر ہے ۔ نیز لکھا ہے کہ سوائے خدا کے کوئی بھی غیب کے متعلق خبر نہیں رکھتا ۔

جواب :۔ دراصل پادری صاحب کا دین و مذہب ہی جھوٹ بولنا ہے ۔ آیئے اس دعوے کو ہم بہ دلائل ثابت کریں ۔ قرآنِ کریم میں ہے :۔

(۱) اِنَّمَا اللّٰهُ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ○ بے شک اللہ اکیلا معبود ہے

(النساء : ۱۷)

(۲) قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ○ فرما دو کہ وہ اللہ ایک ہے

Marfat.com

(۳) موجودہ انجیل میں بھی ہے،" یسوع نے جواب دیا کہ اوّل یہ ہے اے اسرائیل سن! خداوند ہمارا خدا ایک ہی خداوند ہے۔" (انجیل مرقس ۱۲: ۳۰)

(۴) یہ وحدانیت کا تصوّر ذہن میں رکھیئے اور کلامِ الٰہی کے جلوے دیکھیے:۔

وَ لِلّٰهِ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ — اور اللہ ہی کے لئے ہیں آسمانوں اور زمین کی چھپی ہوئی چیزیں۔
(النحل: ۷۷)

(۵) لَا يَعْلَمُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ الْغَيْبَ اِلَّا اللّٰهُ — غیب نہیں جانتے خواہ کوئی آسمانوں میں ہوں یا زمین میں، مگر صرف اللہ
(النمل: ۶۵)

قارئین کرام! غور فرمائیں کہ ان آیات میں اللہ وحدہٗ لاشریک نے اپنے سوا دوسروں کے غیب جاننے کی مطلقاً نفی فرمائی ہے۔ پھر پادری صاحب نے نفی کے زمرے سے عیسیٰ علیہ السلام کو کس طرح باہر نکالا؟

۲۔ **ثانیاً**:۔ پادری صاحب کو اسلام پر اعتراض کرنے کا شوق ہے، جو انہیں آسان کام نظر آیا۔ حالانکہ علم کی انہیں ہوا تک بھی نہیں لگی۔ آیئے! ہم علمِ غیب کی اُن جملہ آیتوں میں جو نفی اور اثبات کرتی ہیں مطابقت دکھائیں۔

علم غیب کی اقسام:۔ معلوم ہونا چاہیئے کہ علمِ غیب کی ۲ دو قسمیں ہیں

۱۔ **علمِ غیب ذاتی**:۔ وہ جو اپنی ذات سے حاصل ہو کسی کا عطا کیا ہوا نہ ہو۔ یہ علم صرف پروردگارِ عالم کی ذات کے ساتھ خاص ہے۔ اس طرح کا علم غیب مخلوق میں سے کسی کے لئے ثابت کرنا، خواہ ایک چیز کا ہی علم کوئی ثابت کرے تو وہ کافر، مشرک اور دائرہ اسلام سے خارج ہے۔

۲۔ **علمِ غیب عطائی**:۔ وہ علم ہے جو اپنے آپ حاصل نہ ہو، بلکہ باری تعالیٰ کا عطا فرمایا ہوا ہو۔

Marfat.com

علم غیب عطائی کی اقسام :- اس کی بھی دو قسمیں ہیں :-

(i) **کُل علم غیب عطائی** : یعنی کسی کے لئے جمیع معلوماتِ الٰہیہ کا علم بالعطا ماننا۔ ایسا عقیدہ رکھنا بھی غلط اور خلافِ اسلام ہے۔

(ii) **بعض علم غیب عطائی** : یعنی کچھ معلوماتِ الٰہیہ کا علم، پروردگارِ عالم کی عطا سے ماننا۔ یہ انبیاء کرام کے لئے علیٰ قدرِ مراتب قرآنِ کریم سے ثابت ہے۔ اس میں صرف عیسٰی علیہ السلام ہی کی کیا تخصیص ہے :-

(۱) مَا كَانَ اللّٰهُ لِيُطْلِعَكُمْ عَلَى الْغَيْبِ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَجْتَبِيْ مِنْ رُّسُلِهٖ مَنْ يَّشَآءُ (آلِ عمران : ۱۷۹)	اللہ کی یہ شان نہیں کہ اے عام لوگو! تمہیں غیب پر مطلع کر دے بلکہ اللہ چُن لیتا ہے اپنے رسولوں میں سے جس کو چاہے۔
(۲) عَالِمُ الْغَيْبِ فَلَا يُظْهِرُ عَلٰى غَيْبِهٖٓ اَحَدًا اِلَّا مَنِ ارْتَضٰى مِنْ رَّسُوْلٍ (الجن : ۲۶، ۲۷)	غیب کا جاننے والا، تو اپنے غیب پر کسی کو مسلّط نہیں کرتا سوائے اپنے پسندیدہ رسولوں کے۔

ہمارے اس دعوے پر یہ دو۲ آیتیں شاہدِ عدل اور حکم فصل ہیں۔

۳- ثالثاً

:- پادری صاحب تو قرآنِ کریم میں یہ لکھا ہوا بتاتے ہیں۔

(ا) " خدا کے سوا کوئی بھی غیب کی خبر نہیں رکھتا "

اور ساتھ ہی یہ بھی کہتے ہیں :-

(ب) " مسیح علیہ السلام کے متعلق لکھا ہے کہ وہ غیب جانتے تھے۔ "

اُن کی یہ دونوں باتیں متضاد ہیں اور دونوں بیک وقت صحیح نہیں ہو سکتیں۔ اب پادری صاحب اتنا بتا دیں کہ وہ اپنے کون سے دعوے میں سچے ہیں اور کون سے میں جھوٹے ؟ یا قرآنِ کریم میں یہ لکھا ہوا دکھا دیں کہ اللہ اور عیسٰی کے سوا

Marfat.com

کوئی بھی غیب کے متعلق خبر نہیں رکھتا۔

هَاتُوا بُرْهَانَكُمْ إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ ۝ (البقرہ: ۱۱۱)   لاؤ اپنی دلیل اگر تم سچے ہو۔

۴۔ رابعاً :۔ عیسیٰ علیہ السلام کا علم بیان کرنے والی ایک آیت تو پادری صاحب کو نظر آگئی، لیکن نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے علومِ غیبیہ کو بیان کرنے والی سینکڑوں آیات انہیں کیوں نظر نہ آئیں؟ تعصب کی پٹی کو آنکھوں سے ہٹا دینا چاہیے۔

۵۔ خامساً :۔ جن آیات میں مخلوق سے علمِ غیب کی نفی کی گئی ہے، وہاں ذاتی علم اور جمیع معلوماتِ الہٰیہ کے جاننے کی نفی ہے۔ ایسا علم نہ عیسیٰ علیہ السلام کو حاصل ہے، نہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یا کسی اور کو —— ہاں! باری تعالیٰ کی عطاء سے جو عیسیٰ علیہ السلام کو علمِ غیب حاصل ہے اُس سے ہمیں قطعاً انکار نہیں، لیکن نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ایسا علمِ غیب اُن سے سینکڑوں گُنا زیادہ حاصل ہے، جس پر قرآنِ کریم شاہد ہے۔

۶۔ سادساً ۔ عیسیٰ علیہ السلام قوم بنی اسرائیل کو، جن کی طرف وہ نبی بنا کر بھیجے گئے تھے۔ مخاطب کرکے فرماتے ہیں:۔

وَأُنَبِّئُكُمْ بِمَا تَأْكُلُونَ   اور میں تمہیں بتا دیتا ہوں جو تم کھاتے ہو
وَمَا تَدَّخِرُونَ فِي بُيُوتِكُمْ   اور جو اپنے گھروں میں جمع کرکے رکھتے ہو۔

(آلِ عمران: ۴۹)

یہ عیسیٰ علیہ السلام کی معجزانہ نظر کا قرآنِ کریم نے ذکر کیا ہے۔ اس کے ساتھ ہی بنی اسرائیل کی تعداد اور ملکِ شام کا رقبہ بھی قارئین کے پیشِ نظر رہے۔

Marfat.com

۷۔ سابعاً :۔ قرآن کریم میں ہے :۔

وَكَذٰلِكَ نُرِيْ اِبْرٰهِيْمَ	اور اسی طرح ہم ابراہیم کو دکھاتے ہیں ساری
مَلَكُوْتَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ	بادشاہی آسمانوں اور زمین کی۔

(الانعام : ۷۵)

پادری صاحب! عیسیٰ علیہ السلام کی نظر پورے بنی اسرائیل کو دیکھ لیتی تھی، اور ابراہیم علیہ السلام آسمانوں اور زمین کی ساری کائنات کو ـــــ بتائیے کون افضل ہے؟ ذرا جلدی بتائیے!

قرآن کریم میں ہے :۔

تَبٰرَكَ الَّذِيْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ	بڑی برکت والا ہے وہ جس نے اُتارا
عَلٰى عَبْدِهٖ لِيَكُوْنَ لِلْعٰلَمِيْنَ	قرآن اپنے بندے پر تاکہ تمام جہانوں
نَذِيْرًا ۝ (الفرقان : ۱)	کے لئے ڈر سنانے والا ہو۔

یعنی حضور ساری کائنات کے نبی ہیں، اور اس "عالمین" کے زمرے میں انبیاء کرام بھی آ گئے۔ جب ابراہیم علیہ السلام کے علوم اس درجہ ہیں، تو نبی الانبیاء جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے علوم کا کون اندازہ کر سکتا ہے؟

ارشاداتِ باری تعالیٰ ملاحظہ ہوں :۔

۱۔ اِنَّآ اَرْسَلْنَآ اِلَيْكُمْ رَسُوْلًا	اے دنیا والو! ہم نے تمہاری طرف ایسا رسول
شَاهِدًا عَلَيْكُمْ كَمَآ اَرْسَلْنَآ	بھیجا ہے جو تم پر حاضر و ناظر ہے، جیسے
اِلٰى فِرْعَوْنَ رَسُوْلًا ۝	فرعون کی طرف رسول بھیجا تھا۔

(المزمل : ۱۵)

۲۔ فَكَيْفَ اِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ	اس وقت کیا ہو گا جب ہم ہر اُمت سے
اُمَّةٍۢ بِشَهِيْدٍ وَّجِئْنَا بِكَ	ایک گواہ لائیں گے، اور اے محبوب!
عَلٰى هٰٓؤُلَآءِ شَهِيْدًا ۝	تمہیں اُن سب پر گواہ بنا کر لایا جائے گا۔

(النساء : ۴۱)

Marfat.com

شاہد کو گواہ اس لئے کہتے ہیں کہ وہ موقع پر حاضر ہوتا ہے ۔
معلوم ہوا کہ عیسیٰ علیہ السلام کی نظر بنی اسرائیل پر تھی لیکن حضور علیہ السلام کی نگاہ ہیں ساری کائنات، تمام اُمتوں اور اُن کے افعال پر ہیں ۔

۳۔ يَاأَيُّهَا النَّبِيُّ إِنَّا أَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيرًا وَّدَاعِيًا إِلَى اللّٰهِ بِإِذْنِهٖ وَسِرَاجًا مُّنِيرًا ۝
(الاحزاب : ۴۵، ۴۶)

اے نبی ! بیشک ہم نے تمہیں بھیجا حاضر و ناظر اور خوشخبری دیتا اور ڈر سناتا اور اللہ کی طرف اس کے حکم سے بلاتا اور چمکا دینے والا سورج ۔

بہ حیثیتِ رسول یہاں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی پانچ صفات بیان کی گئی ہیں ۔ جن میں پہلی صفت شاہد یعنی گواہ ہے ۔

۸۔ ثامنًا۔

باری تعالیٰ نے فرمایا :۔

اَلرَّحْمٰنُ ۝ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ ۝ خَلَقَ الْاِنْسَانَ عَلَّمَهُ الْبَيَانَ ۝
(الرحمٰن : ۱ تا ۳)

رحمٰن نے اپنے محبوب کو قرآن سکھایا ۔ انسان کامل کو پیدا کیا اور اسے بیان سکھایا ۔

آیئے دیکھیں قرآن میں کیا کچھ ہے :۔

مَا فَرَّطْنَا فِي الْكِتٰبِ مِنْ شَيْءٍ
(الانعام : ۳۸)

ہم نے اس کتاب میں کوئی چیز اٹھا نہیں رکھی ۔

وَكُلَّ شَيْءٍ اَحْصَيْنٰهُ فِيْٓ اِمَامٍ مُّبِيْنٍ ۝ (یٰس : ۱۲)

اور ہر چیز ہم نے گن رکھی ہے ایک روشن کتاب میں

وَكُلُّ صَغِيْرٍ وَّكَبِيْرٍ مُّسْتَطَرٌ ۝
(القمر : ۵۳)

اور ہر چھوٹی بڑی چیز لکھی ہوئی ہے ۔

وَلَا رَطْبٍ وَّلَا يَابِسٍ اِلَّا

اور نہیں ہے کوئی تر چیز اور نہ خشک چیز

Marfat.com

فِیْ کِتَابٍ مُّبِیْنٍ ۝ (الانعام: ۵۹)
مگر وہ ایک روشن کتاب میں لکھی ہوئی ہے۔

مَا كَانَ حَدِيثًا يُّفْتَرٰى
یہ (قرآن) کوئی گھڑی ہوئی بات نہیں

وَلٰكِنْ تَصْدِيْقَ الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ
بلکہ یہ اپنے سے پہلے کلاموں کی تصدیق

وَتَفْصِيْلَ كُلِّ شَيْءٍ ۝ (یوسف: ۱۱۱)
کرتا ہے اور ہر چیز کی تفصیل ہے۔

ثابت ہوا کہ قرآن میں ہر چھوٹی بڑی اور خشک و تر چیز کا ذکر اور اُس کا تفصیلی بیان ہے۔ پس ثابت ہوا کہ نبئ کریم صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم کو دنیا کی ہر چیز کا تفصیلی علم ہے۔

۹- تاسعًا

وَمَا هُوَ عَلَى الْغَيْبِ بِضَنِيْنٍ ۝
(التکویر: ۲۴)
اور یہ (نبی کریم) غیب بتانے میں بخیل نہیں

بخیل وہ ہوتا ہے، جس کے پاس مال ہو اور اُس میں سے خرچ نہ کرے۔ معلوم ہوا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے پاس غیب کے خزانے ہیں۔ اور آپ بُخل نہیں کرتے بلکہ بعض باتیں دوسروں کو بتا بھی دیتے ہیں۔ اگر آپ کے پاس غیب کا علم نہ ہوتا تو پھر بخل نہ کرنے کا کیا مطلب؟

(۲) ذٰلِكَ مِنْ أَنْبَاءِ الْغَيْبِ
نُوْحِيْهِ إِلَيْكَ
(آل عمران)
اے محبوب! یہ غیب کی خبریں ہیں جو ہم تمہیں بطور وحی (خفیہ طور پر) بتا رہے ہیں۔

معلوم ہوا کہ آپ کو بذریعہ وحی بھی غیبی علوم سے آگاہ فرمایا جاتا تھا۔

(۳) اَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ
بِأَصْحٰبِ الْفِيْلِ ۝ (الفیل: ۱)
اے محبوب! کیا تم نے نہیں دیکھا کہ تمہارے رب نے ہاتھی والوں کے ساتھ کیا کچھ کیا؟

(۴) اَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ
بِعَادٍ ۝
اے محبوب! کیا تم نے نہ دیکھا کہ تمہارے رب نے عاد قوم کے ساتھ کیا کیا؟

جس سرکار کی نگاہیں قومِ عاد اور ثمود کے حالات دیکھتی تھیں۔ ابرہہ ہاتھیوں والے

Marfat.com

کا حشر دیکھا، تمام امتوں کے تفصیلی حالات دیکھے۔ اُس سرکار کے علم الیقین، عین الیقین اور حق الیقین کا کون مقابلہ کر سکتا ہے؟

(۵) وَعَلَّمَكَ مَالَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ ط وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ عَظِيْمًا ٥ (النساء ۴: ۱۱۳)

اور اے محبوب! ہم نے تمہیں سکھا دیا جو تم نہیں جانتے اور تم پر اللہ کا بڑا فضل ہے۔

جائے غور ہے کہ اللہ تعالیٰ کا فخر دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم پر جو فضل و کرم ہے وہ عظیم ہے اور یہ ساری دُنیا باوجود اتنی وسعت کے اپنی تمام متاع سمیت قلیل ہے جیسا کہ قرآن مجید میں ہے۔

قُلْ مَتَاعُ الدُّنْيَا قَلِيْلٌ (النساء: ۷۷)

تم فرما دو کہ دُنیا کا فائدہ تھوڑا ہے۔

اِس قلیل دُنیا کے افراد، فضلِ عظیم کا اندازہ کس طرح کر سکتے ہیں؟

۱۰۔ عاشرًا

:۔ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ہزاروں میں سے چند احادیث بھی سردست بطور نمونہ پیش کر دوں۔

(۱) ان اللہ قد رفع لی الدنیا فانا انظر الیھا و الیٰ ما ھو کائنٌ فیھا الیٰ یوم القیٰمۃ کانما انظر الیٰ کفّی ھٰذہٖ (طبرانی، مواہب لدنیہ، بیہقی، دارمی)

بے شک اللہ تعالیٰ نے میرے لیے دنیا کے پردے اٹھا دیئے، پس میں دنیا کو، اور جو کچھ اس میں قیامت تک ہونے والا ہے۔ اسے اس طرح دیکھ رہا ہوں۔ جیسے اپنی اس ہتھیلی کو

(۲) ان اللہ زوٰی لی الارض فرأیت مشارقھا ومغاربھا (مشکوٰۃ شریف)

اللہ تعالیٰ نے میرے لیے زمین سمیٹ دی ہے۔ پس میں نے اس کے مشرقوں اور مغربوں کو دیکھ لیا ہے۔

Marfat.com

(۳) فتجلی لی کل شیئ وعرفت

(ترمذی شریف)

پس مجھ پر ہر چیز روشن ہوگئی اور میں نے سب کو جان لیا۔

(۴) رأیت ربی عزوجل فی احسن صورۃ فوضع کفہ بین کتفی فوجدت بردھا بین ثدیی فعلمت ما فی السموات والارض

(ترمذی شریف)

شب معراج میں نے اپنے رب عزوجل کو احسن صورت میں دیکھا باری تعالیٰ نے اپنا دستِ قدرت میرے کندھوں کے درمیان رکھا جس کی ٹھنڈک میں نے سینے میں محسوس کی۔ پس میں نے آسمانوں اور زمین کی ہر چیز کو جان لیا۔

(۵) ما ترک رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم من قائد فتنۃ الی ان تنقضی الدنیا یبلغ من ثلث مائۃ فصاعدًا قد سماہ لنا باسمہ واسم ابیہ واسم قبیلتہ

(ابوداؤد شریف)

دُنیا کے ختم ہونے تک کوئی سرگروہ فتنہ پرداز ایسا نہیں ہوگا جس کا نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمیں نام نہ بتا دیا ہو، مع اس کے باپ اور قبیلہ کے نام کے۔ اُن فتنہ سامانوں کی تعداد تین سو سے کچھ زائد بنتی ہے۔

اعتراض نمبر ۱۱ :- قرآن کریم میں حضرت عیسیٰ کی اُمت کے متعلق دیگر اقوام پر قیامت تک رہنے کا وعدہ ہے مسلمانوں پر بھی ان کا غلبہ ثابت ہے۔

جواب :- پہلے تو پادری صاحب موجودہ عیسائیوں کو اُمتِ عیسیٰ ثابت کرکے دکھائیں۔ جن لوگوں نے عیسیٰ علیہ السلام کی پیروی کرنے کی بجائے انہیں سولی پر چڑھایا۔ انجیل کو بدل دیا۔ عیسیٰ علیہ السلام کی زبانی جن پر لعنت ہوئی وہ اُن کے اُمتی کیسے بن گئے؟

Marfat.com

۲۔ **ثانیاً**:۔ موجودہ عیسائی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو خدا کہتے ہیں۔ خدا کی اُمت نہیں ہوتی لہٰذا عیسائی کسی کے بھی اُمتی نہیں۔

۳۔ **ثالثاً**:۔ دُنیا کا نظام ہے:۔

تِلْكَ الْاَيَّامُ نُدَاوِلُهَا بَيْنَ النَّاسِ ط (آلِ عمران: ۱۴۰)
یہ دن ہیں جن میں ہم نے لوگوں کے لئے باریاں رکھی ہیں۔

اور اس قانون کے مطابق نظام چلتا ہے۔ آج نصاریٰ کو اپنا غلبہ حقّانیت کی دلیل نظر آنے لگا ہے۔ لیکن حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کے عہدِ خلافت سے صلیبی جنگوں کے آخر تک، جب کہ عیسائیت پر نزع کا عالم طاری تھا، عیسائی حضرات مسلمانوں کے غلبہ کو اُن کی حقّانیت کی دلیل ماننے سے انکار کر دیا کرتے تھے۔

(۴) **رابعاً**:۔ غلبہ سے مُراد یہاں بہ لحاظ دلائل غلبہ ہے۔ یعنی باطل کبھی بھی دلائل کے میدان میں حق کا مقابلہ نہیں کر سکتا۔ عیسیٰ علیہ السلام کی پیش گوئی کے مطابق (جیسا کہ قرآن کریم، اور موجودہ انجیل میں ہے) کہ میرے بعد ایک عظیم الشان رسول آرہے ہیں۔ اُن پر ایمان لانا، مسلمانوں نے اُن کا حکم مانا، اور نبیٔ آخر الزمان صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم پر ایمان لے آئے۔ عیسائیوں نے آپ کی بات نہ مانی اور نبیٔ آخر الزمان صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم پر ایمان نہ لائے۔ اس سے ثابت ہوا کہ عیسیٰ علیہ السلام کی پیروی کرنے والے مسلمان ہیں، نہ کہ عیسائی۔ قرآنِ کریم میں بھی:۔

اَلَّذِيْنَ اتَّبَعُوْكَ
وہ جو تیری پیروی کریں گے۔

یہی وجہ ہے کہ یہود و نصاریٰ، اور جملہ مذاہب عالم والوں نے بارہا مسلمانوں سے دلائل کے میدان میں مقابلہ کر کے دیکھ لیا۔ مگر ہمیشہ منہ کی کھائی۔

Marfat.com

۵- **خامسًا** :۔ موجودہ عیسائیوں کی بلحاظ دولت وحکومت برتری اس بات کی روشن اور واضح دلیل ہے کہ یہ لوگ عیسیٰ علیہ السلام کے اُمتی اور پیروکار ہی نہیں بلکہ مخالف اور ”ذِیَابٌ فِیْ ثِیَابٍ“ ہیں۔ غلبہ کی کہانی انجیل کی زبانی سن لیجئے:

(۱) ”لیکن میں (عیسیٰ علیہ السلام) تم سے کہتا ہوں کہ شریر کا مقابلہ نہ کرنا، بلکہ جو تیرے داہنے گال پر طمانچہ مارے، دوسرا بھی اس کی طرف پھیر دے ○ اور اگر کوئی تجھ پر نالش کر کے تیرا کُرتہ لینا چاہے تو تُو چولہ بھی لے لینے دے“
(انجیل متی ۵: ۳۹، ۴۰۔ انجیل لوقا ۶: ۳۰)

(۲) ”اونٹ کا سوئی کے ناکے میں سے گزر جانا اس سے آسان ہے کہ دولت مند خدا کی بادشاہی میں داخل ہو۔“ (انجیل مرقس ۱۰: ۲۵۔ انجیل متی ۱۹: ۲۴)

(۳) ”اپنے واسطے زمین پر مال جمع نہ کرو، جہاں کیڑا اور زنگ خراب کرتا ہے اور جہاں چور نقب لگاتے اور چُراتے ہیں ○ کیونکہ جہاں تیرا مال ہے وہیں تیرا دل بھی لگا رہے گا ○“ (انجیل متی ۶: ۱۹، ۲۱)

پادری جی! عیسائیت کا غلبہ عیسیٰ علیہ السلام سے منہ موڑنے اور اُن کی تعلیمات کو پسِ پشت پھینکنے کے باوجود بھی حقانیت ہے؟ موجودہ عیسائیوں کا صاحبِ ثروت وحکومت ہونا ہی ثابت کرتا ہے کہ یہ عیسیٰ علیہ السلام کے مخالف ہیں۔

۶- **سادسًا** :۔ آیئے انجیل سے پیش گوئی سُنیئے :۔

”لیکن مددگار یعنی روح القدس جسے میرے نام سے بھیجے گا، وہی تمہیں سب باتیں سکھائے گا اور جو کچھ میں نے تم سے کہا ہے وہ سب تمہیں یاد دلائے گا ○ اور اب میں نے تم سے اس کے ہونے سے پہلے کہہ دیا ہے جب وہ ہو جائے تو تم یقین کرو ○ اس کے بعد میں تم سے بہت سی باتیں نہ کروں گا، کیونکہ دُنیا کا سردار آتا ہے اور مجھ میں اس کا کچھ نہیں ○“ (انجیل یوحنا ۱۵: ۲۵، ۲۹، ۳۰)

Marfat.com

پادری جی! اِن صفات کا حامل عیسیٰ علیہ السلام کے بعد سوائے نبیٔ کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اور کون ہوا ہے؟ آپ جبرئیل علیہ السلام یا جس کا بھی نام بتائیں اُس میں یہ صفات (جو عیسیٰ علیہ السلام نے بتائیں) ہرگز نہیں ہوں گی۔

مزید سنیے!

"اور جو کوئی ابنِ آدم (عیسیٰ علیہ السلام) کے خلاف کوئی بات کہے اُس کو معاف کیا جائیگا، لیکن جو روح القدس کے حق میں کفر بکے۔ اس کو معاف نہ کیا جائے گا۔"

(انجیل لوقا ۱۲: ۹)

اب انجیل کی مذکورہ پیش گوئیوں کو قرآن کریم کی اس بشارت سے ملایئے جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے سنائی:-

وَ مُبَشِّرًا بِرَسُوْلٍ یَّاْتِیْ مِنْ بَعْدِی اسْمُهٗۤ اَحْمَدُ ؕ (الصف ۶:)

اور میں تمہیں ایک رسول کی خوشخبری سناتا ہوں جو میرے بعد تشریف لائیں گے، اُن کا اسم گرامی احمد ہوگا۔

کیوں صاحب! انجیل اور قرآن کریم کے حوالوں سے ثابت ہوا یا نہیں کہ نبیٔ کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم برحق نبی، سارے رسولوں سے افضل، اور باری تعالیٰ کے سب سے لاڈلے رسول ہیں ـــــــ کہو ہیں اور ضرور ہیں:-

وہ خدا کے نیزہ کی مار ہے کہ عدو کے سینہ میں غار ہے
کِسے چارہ جوئی کا وار ہے، یہ وار، وار سے پار ہے

۶- سابعًا :-

یہ تو انجیل سے ثابت کیا، اب قرآن سے بھی غلبہ اور حقانیت کی ایک حجت قائم کر دوں:-

وَ اِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِیْثَاقَ النَّبِیّٖنَ لَمَاۤ اٰتَیْتُكُمْ مِّنْ كِتٰبٍ وَّ حِكْمَةٍ ثُمَّ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ

اے محبوب! یاد کرو جب اللہ نے تمام نبیوں سے عہد لیا تھا کہ جب میں تمہیں کتاب اور حکمت دوں، پھر تمہارے

Marfat.com

مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَكُمْ لَتُؤْمِنُنَّ
بِهٖ وَلَتَنْصُرُنَّهٗ ؕ قَالَ ءَاَقْرَرْتُمْ
وَاَخَذْتُمْ عَلٰی ذٰلِكُمْ اِصْرِیْ ؕ
قَالُوْٓا اَقْرَرْنَا ؕ قَالَ فَاشْهَدُوْا
وَاَنَا مَعَكُمْ مِّنَ الشّٰهِدِیْنَ ۝
فَمَنْ تَوَلّٰی بَعْدَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ
هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ۝

(آلِ عمران ۸۱، ۸۲)

پاس وہ رسول تشریف لائے جو تمہاری
شریعتوں کی تصدیق کرتا ہو تو تم ضرور ہی
اس پر ایمان لانا اور ضرور ہی اس کی مدد
کرنا۔ فرمایا کیا تمہیں اس بات کا اقرار
ہے اور یہ بھاری ذمہ داری منظور کرتے
ہو؟ سب نے عرض کیا کہ ہم اقرار کرتے
ہیں۔ فرمایا کہ ایک دوسرے پر گواہ بن جاؤ
اور میں تم سب پر گواہ ہوں۔ اس کے بعد
بھی جو روگردانی کرے گا۔ وہ نافرمان ہے۔

اللہ اللہ!! انبیاء کرام کے معصوم گروہ سے باری تعالیٰ نے اپنے محبوب کی رسالت پر ایمان لانے اور اُن کی مدد کرنے کا کتنی تاکیدوں کے ساتھ عہد لیا۔ اُس نبیوں کے نبی اور رسولوں کے رسول سے کون افضل ہوسکتا ہے؟

الحمد للہ ثم الحمد للہ کہ جواب سے فراغت پائی اور اپنے مہربان آقا، مدنی تاجدار، مومنین کے مختار، حبیب پروردگار صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مبارک ترسیٹھ ۶۳ سالہ زندگی کی یاد تازہ رکھنے کی غرض سے پادری صاحب کے گیارہ ۱۱ اعتراضات کے ایک سو تیرہ حوالہ جات کے ساتھ ترسیٹھ ۶۳ جواب دیئے ہیں۔

پادری صاحب اگر اِس موضوع پر کوئی گفتگو کرنا چاہیں تو انہیں کھلی اجازت ہے۔ جواب دے سکتے ہوں تو بڑی خوشی سے ہمت اور لیاقت کو کام میں لائیں۔ لیکن اس طرح کہ احقر کے پیش کردہ دلائل کا نمبروار ردّ کریں۔ یہ نہ ہو کہ سب سے منہ موڑ کر ایک آدھ بات کے پیچھے لگ جائیں۔ اس سے تو یہی سمجھا جائے گا کہ جن دلائل کو انہوں نے چھوا نہیں، اُن کا جواب اُن کے پاس کوئی نہیں۔ سلامت روی کے ساتھ بے تکلف وہ اپنی علمیت اور مناظرانہ مہارت کو بروئے کار لے آئیں۔ اِدھر سے ان شاء اللہ تعالیٰ جواب باصواب ملے گا۔

Marfat.com

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَیْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ۔ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى حَبِیْبِهٖ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ ۔

گدائے درِ اولیاء

عبد الحکیم خان اختر مجددی مظہری شاہجہانپوری

لاہور

دعوت

وَاَقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا ط

اور اللہ کو اچھا قرض دو

وَمَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَیْرٍ تَجِدُوْهُ

اور اپنے لئے جو بھلائی آگے بھیجو گے اُسے

عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ خَیْرًا وَّ اَعْظَمَ اَجْرًا ط

اللہ کے پاس بہتر اور بڑے ثواب کی صورت میں پاؤ گے

(المزمل ۲۰)

Marfat.com

Marfat.com

درود شریف

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
قَدْ ضَاقَتْ حِیْلَتِیْ اَدْرِکْنِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ۔

(ترجمہ) "یا اللہ! ہمارے سردار حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام اور برکتیں بھیج، یا رسول اللہ (صلی اللہ علیک وسلم) دستگیری کیجئے میرا حیلہ اور کوشش تنگ آ چکے ہیں۔"

فضائل درود و سلام

درود و سلام کے فضائل اور ثمرات مختصراً درج ذیل کیے جاتے ہیں تاکہ برادرانِ دین ذوق و شوق سے بکثرت صلوٰۃ و سلام نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور میں حضورِ قلب سے باادب عرض کرتے رہا کریں۔

① درود و سلام پڑھنے سے اللہ کریم کے حکم کی تعمیل ہوتی ہے۔ (قرآن مجید)
② اس کے نامۂ اعمال میں اُحد پہاڑ جتنا ثواب لکھا جاتا ہے۔ (صلوٰۃ الثناء ص۱۸)
③ درود و سلام پُل صراط پر بہت زیادہ نور ملنے کا ذریعہ ہے۔ (سعادۃ الدارین ص۶۸)
④ درود شریف پڑھنے والے کے لیے جنت کے دروازے کھول دیے جاتے ہیں۔ (" ص۵۷)
⑤ جو ایک بار درود شریف پڑھے اللہ کریم اس پر دس بار صلوٰۃ بھیجتا ہے۔ (مسلم شریف)
⑥ جو ایک بار سلام عرض کرے اللہ تعالیٰ اس پر دس سلام بھیجتا ہے۔ (صلوٰۃ الثناء ص۱۸)
⑦ درود و سلام پڑھنے سے بھولی ہوئی چیز یاد آ جاتی ہے۔ (کنز العمال ص۳۵۳)
⑧ اللہ کریم درود شریف پڑھنے والے کی دس نیکیاں لکھ دیتا ہے۔ (جلاء الافہام ص۲۹)
⑨ اس کے دس درجے بلند کر دیتا ہے۔ (ایضاً ص۲۹)
⑩ اور دس گناہ مٹا دیتا ہے۔ (ایضاً ص۲۹)
⑪ اور دس بار رحمت بھیجتا ہے۔ (ترمذی اول ص۱۵۷، جلاء الافہام ص۲۹)
⑫ جمعہ کے روز کثرت سے درود پڑھنے والا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے قریب تر ہوگا (طبرانی ص۵۹)
⑬ دعا سے پہلے، درمیان اور آخر میں درود و سلام پڑھنے کا حکم ہے اس سے دعا جلد قبول ہوتی ہے۔ (کنز اول ص۳۵۳، سعادۃ الدارین ص۱۸۸)
⑭ تنگدست کے لیے درود و سلام صدقے کے قائم مقام ہو جاتا ہے۔ (جواہر البحار ص۱۵۵)

Marfat.com

درود شریف

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِکْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
قَدْ ضَاقَتْ حِیْلَتِیْ اَدْرِکْنِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ۔

(ترجمہ) "یا اللہ! ہمارے سردار حضرتِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود وسلام اور برکتیں بھیج، یا رسول اللہ (صلی اللہ علیک وسلم) دستگیری کیجئے میرا حیلہ اور کوشش تنگ آچکے ہیں"۔

فضائل درود وسلام

درود وسلام کے فضائل اور ثمرات مختصراً درج ذیل کیے جاتے ہیں تاکہ برادرانِ دین ذوق و شوق سے بکثرت صلوٰۃ وسلام نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور میں حضورِ قلب سے باادب عرض کرتے رہا کریں۔

(۱) درود وسلام پڑھنے سے اللہ کریم کے حکم کی تعمیل ہوتی ہے۔ (قرآن مجید)

(۲) اس کے نامۂ اعمال میں اُحد پہاڑ جتنا ثواب لکھا جاتا ہے۔ (صلوٰۃ الثناء ص۱۸)

(۳) درود وسلام پُل صراط پر بہت زیادہ نور ملنے کا ذریعہ ہے۔ (سعادۃ الدارین ص۶۸)

(۴) درود شریف پڑھنے والے کے لیے جنت کے دروازے کھول دیے جاتے ہیں۔ (" ص۵۷)

(۵) جو ایک بار درود شریف پڑھے اللہ کریم اس پر دس بار صلوٰۃ بھیجتا ہے۔ (مسلم شریف)

(۶) جو ایک بار سلام عرض کرے اللہ تعالیٰ اس پر دس سلام بھیجتا ہے۔ (صلوٰۃ الثناء ص۱۸)

(۷) درود وسلام پڑھنے سے بھولی ہوئی چیز یاد آجاتی ہے۔ (کنز العمال ص۳۵۳)

(۸) اللہ کریم درود شریف پڑھنے والے کی دس نیکیاں لکھ دیتا ہے۔ (جلاء الافہام ص۲۹)

(۹) اس کے دس درجے بلند کر دیتا ہے۔ (ایضاً ص۲۹)

(۱۰) اور دس گناہ مٹا دیتا ہے۔ (ایضاً ص۲۹)

(۱۱) اور دس بار رحمت بھیجتا ہے۔ (ترمذی اوّل ص۱۵۷، جلاء الافہام ص۲۹)

(۱۲) جمعہ کے روز کثرت سے درود پڑھنے والا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے قریب تر ہوگا (طبرانی ص۵۹)

(۱۳) دُعا سے پہلے، درمیان اور آخر میں درود وسلام پڑھنے کا حکم ہے اس سے دُعا جلد قبول ہوتی ہے۔ (کنز اوّل ص۳۵۳، سعادۃ الدارین ص۱۸۸)

(۱۴) تنگدست کے لیے درود وسلام صدقے کے قائم مقام ہو جاتا ہے۔ (جواہر البحار ص۱۵۵)

Marfat.com